کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 08 صفر 1447ھ 03 اگست 2025ء، صفحات 24 | شمارہ 29

رجسٹرڈ BC-m-15 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

پاکستان کا افغان مہاجرین کے انخلاء کا نیا حکم، ویزے کے بغیر افغان گاڑیوں کا داخلہ بند

کوئٹہ میں افغان باشندوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

پاسپورٹ اور ویزا کے بغیر موجود افغان شہریوں کا قیام کسی بھی صورت قانونی حیثیت نہیں رکھتا، 30 جون کے بعد سے ایسے تمام افراد غیر قانونی تارکین وطن شمار ہوں گے۔ محکمہ داخلہ کا اعلامیہ

تمام افغان باشندوں کی واپسی کیلئے ایک نئی مہم کا آغاز کیا جائے، ہوم ڈیپارٹمنٹ کی ہدایت، افغان شہریوں کی واپسی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، قندھار میں مہاجرین کی رجسٹریشن کی تصدیق

"پروف آف رجسٹریشن" (پی او آر) کارڈز رکھنے والوں کو 31 جولائی تک اپنی رہائش قانونی بنانا تھی، غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، ڈی سی کوئٹہ

اسلام آباد، کوئٹہ (بیورو رپورٹ، سٹی رپورٹر) پاکستان نے ملک میں مقیم افغان باشندوں کو ملک چھوڑنے کیلئے ایک نیا حکم جاری کیا ہے، جس کے بعد ہزاروں افغان شہری پاک افغان سرحد کی جانب روانہ ہو گئے ہیں۔ محکمہ داخلہ خیبر پختونخوا نے وفاقی وزارت داخلہ کی ہدایات پر صوبے میں موجود پی او آر (RegistrationofProof) کارڈ ہولڈر افغان شہریوں کو فوری طور پر پاکستان چھوڑنے ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کسان اتحاد کا 11 اگست سے احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان

صوبوں میں احتجاج کے بعد اسلام آباد کا رخ کریں گے، چیئرمین کسان اتحاد

کراچی (بیورو رپورٹ) کسان اتحاد اور سندھ آباد گار نے گندم کی سرکاری قیمت کے عدم تعین پر 11 اگست کو پنجاب اور 20 اگست کو سندھ میں احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کر دیا، کراچی پریس...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، پنڈی سمیت مختلف شہروں میں زلزلہ

شدت 5.1 ریکارڈ، شہری خوفزدہ، گھروں سے باہر نکل آئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد اور راولپنڈی سمیت مختلف شہروں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ اسلام آباد اور پنڈی کے علاوہ اٹک، صوابی اور ظفر وال میں بھی زلزلے کے جھٹکے...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

عمران نے بچوں کو آنے سے نہیں روکا، نانیکوپ گم ہو گیا، علیمہ خان

بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نے مشال یوسفزئی کے سینیٹر بننے کو میرٹ کے برخلاف قرار دیدیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے بچوں کو پاکستان آنے سے نہیں روکا یہ جھوٹ ہے، بچوں کے پاس نانیکوپ ہے لیکن گم ہو گیا، بانی پی ٹی آئی کے بچوں نے نانیکوپ اور ویزے کیلئے درخواست دی ہوئی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

لندن، بانی پی ٹی آئی کے صاحبزادے قاسم خان اور سلیمان انٹرویو دے رہے ہیں

بچے مجھ سے ملنے پاکستان آئیں گے، سیاست یا احتجاجی تحریک کا حصہ نہیں بنیں گے، عمران خان

ایک گھنٹے سے زائد بچوں سے بات ہوئی، اخبارات فراہم کیے گئے، ٹی وی بھی آن ہے، بانی پی ٹی آئی

مشال یوسفزئی کے سینیٹر بننے پر علیمہ کا بیان غیر ضروری، گنڈا پور امن قائم نہیں کر سکتے تو استعفیٰ دے دینا چاہیے، گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بیٹوں قاسم اور سلیمان سے فون پر بات کرا دی گئی، اخبارات بھی فراہم کیے گئے، اڈیالہ جیل راولپنڈی میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے بچوں سے رابطے کی تصدیق کر دی، اڈیالہ جیل راولپنڈی میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت ہوئی، سماعت سپیشل جج سینٹرل شاہ رخ ارجمند نے کی، بانی پی ٹی آئی، بشریٰ کو کمرہ عدالت...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو جدید 10ME-Z اٹیک ہیلی کاپٹر کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

جدید Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر پاک فوج میں شامل، بدلتے جنگی ماحول میں فیصلہ کن برتری برقرار رکھیں گے، فیلڈ مارشل

سید عاصم منیر کی تقریب میں شرکت، قومی خود مختاری، علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاک فوج کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

ملتان گیریژن کا دورہ، بریفنگ دی گئی، فیلڈ مارشل نے جوانوں کے اعلیٰ جذبے، پیشہ وارانہ مہارت اور جنگی صلاحیت کو سراہا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل سید سید عاصم منیر نے کہا ہے پاک فوج بدلتے ہوئے جنگی ماحول میں فیصلہ کن برتری برقرار رکھے گی، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سپہ سالار نے ملتان گیریژن کا دورہ کیا اور جدید 10ME-Z اٹیک ہیلی کاپٹر کی پاک فوج میں شمولیت کی تقریب میں بھی شرکت کی، فیلڈ مارشل نے علمی و سماجی شخصیات سے ملاقات میں سول و ملٹری ہم آہنگی...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا گرم جوشی سے استقبال کر رہے ہیں

ایران سی پیک کا حصہ بننے جا رہا ہے، دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کا دہشت گردی کے خاتمے اور دفاعی تعلقات بڑھانے پر اتفاق

پاکستان کیساتھ زمینی، فضائی اور سمندری راستوں سے تجارت بڑھائیں گے، ایرانی صدر

ایران اور پاکستان دونوں کے لیے سیکیورٹی اور سرحدی مسائل انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، خطے میں امن و استحکام تعاون کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ صدر ڈاکٹر پزشکیان

ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے وفاقی وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ملاقات، دونوں رہنماؤں کا اقتصادی تعاون، علاقائی استحکام، تجارت اور معاشی تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ

وزیر دفاع خواجہ آصف سے ایرانی وفد کی ملاقات سرحدوں کی حفاظت سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال، ایرانی صدر آج صدر مملکت، فیلڈ مارشل، وزیراعظم سمیت اہم شخصیات سے ملاقات کرینگے

اسلام آباد، تہران (زاہد احمد خان، آن لائن) ایران کے صدر مسعود پزشکیان، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ 2 روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو ریکوڈک منصوبے کیلئے 5 ارب ڈالر کی غیر ملکی سرمایہ کاری کی پیشکش

پیشکش کرنیوالوں میں اے ڈی بی، انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن، یو ایس ایکزم بینک، جرمنی اور ڈنمارک کے ادارے شامل

منصوبہ سالانہ 2.8 ارب ڈالر برآمدات، ہزاروں روزگار کے مواقع، بلوچستان کی معیشت میں انقلابی تبدیلی کا سبب بنے گا

اسلام آباد (شاکر رحمان) بلوچستان کے ضلع چاغی میں ریکوڈک سونے اور تانبے کے منصوبے کیلئے پاکستان کو عالمی مالیاتی اداروں اور کثیر الملکی ڈونرز کی جانب سے 5 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی پیشکش موصول ہوئی ہے جو منصوبے کی کل مالی ضروریات یعنی...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

لکی مروت، مارٹر گولہ پھٹنے سے 5 بچے جاں بحق، 13 افراد زخمی

بچوں کو ویرانے سے مارٹر گولہ ملا، گھر لے گئے، کھیل کے دوران پھٹ گیا، ریسکیو ذرائع

جاں بحق ہونیوالے افراد میں 4 بچیاں اور ایک بچہ شامل، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

لکی مروت (بیورو رپورٹ) لکی مروت میں مارٹر گولہ پھٹنے سے 5 بچے جاں بحق، مرد و خواتین سمیت 13 افراد زخمی ہو گئے، ریسکیو ذرائع کے مطابق بچوں...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

5 اگست کو پرامن احتجاج ہوگا، کوئی انتشار نہیں چاہتے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے 5 اگست کو پرامن احتجاج ہوگا، کوئی انتشار نہیں چاہتے، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی سیکرٹری...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

چینی بحران سے نمٹنے کیلئے حکومت نے اہم اقدامات کا آغاز کر دیا

شوگر ملز کو کرشنگ سیزن یکم نومبر سے ہر حال میں شروع کرنے کی ڈیڈ لائن دیدی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں جاری چینی بحران سے نمٹنے کیلئے حکومت نے اہم اقدامات کا آغاز کر دیا، ذرائع کے مطابق درآمد شدہ چینی ستمبر کے آخر تک...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کی دھمکیوں کے باوجود بھارت کی روس سے تیل کی خریداری

بھارت کی خارجہ پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی، ترجمان بھارتی وزارت خارجہ

تیسرے ملک کی ضرورت نہیں، دیگر ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات اپنی اہمیت رکھتے ہیں

دہلی (م ڈ) بھارتی حکام نے ہفتہ کے روز کہا کہ وہ صدر ٹرمپ کی دھمکیوں کے باوجود روسی تیل کی خریداری جاری رکھیں گے، اور اس حوالے سے پالیسی میں...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

جدید 10MEZ اٹیک ہیلی کاپٹر متعدد جنگی خصوصیات کا حامل

شمولیت پاک فوج کی ایوی ایشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم سنگ میل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فوج کے بیڑے میں شامل ہونے والا جدید 10ME-Z اٹیک ہیلی کاپٹر متعدد جنگی خصوصیات کا حامل ہے، پاک فوج کے شعبہ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے جنگ میں پی ایل 15 میزائلوں سے بھارتی رافیل طیارے گرائے، برطانوی خبر رساں ادارہ

ریڈار سگنل ملتے ہی ایئر چیف مارشل نے جے 10 سی اڑانے کا حکم دیا، ظہیر بابر سدھو کئی روز سے کنٹرول روم میں سوتے تھے

پاکستان نے دشمن کے ریڈار جام کیے، بھارتی پائلٹ سمجھ رہے تھے پاکستان کے پی ایل 15 میزائلوں کی رینج سے دور ہیں، رپورٹ

لندن (بیورو رپورٹ) پاکستان نے بھارتی رافیل طیارے کیسے گرائے، برطانوی خبر رساں ادارے نے نئی رپورٹ میں حیرت انگیز انکشافات کر دیے، رپورٹ کے مطابق بھارتی پائلٹ سمجھ رہے تھے وہ پاکستان کے پی ایل 15 میزائلوں کی رینج سے دور ہیں، جے 10 سی نے 200 کلومیٹر دور سے رافیل طیاروں کو نشانہ بنایا، پاکستان نے بھارتی ریڈار جام کیے، رافیل کے پائلٹ صورتحال سے لاعلم رہے، بھارت کی جانب سے طیاروں کے جام ہونے کی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

آصفہ بھٹو نے 60 میل تعلقہ دوڑ میں بینظیر گرلز سکول کا سنگ بنیاد رکھ دیا

45 کلاس رومز پر مشتمل سکول میں لائبریری، لیبارٹریز سمیت جدید ترین سہولیات ہوں گی

نوابشاہ (بیورو رپورٹ) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے 60 میل تعلقہ دوڑ میں بینظیر گرلز سکول کا سنگ بنیاد رکھ دیا، 45 کلاس رومز پر مشتمل لڑکیوں کیلئے...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کا خطرہ، اسرائیل نے امارات سے سفارتی عملہ واپس بلا لیا

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیل نے دہشتگردی خطرے کے پیش نظر متحدہ عرب امارات سے اپنا سفارتی عملہ واپس بلا لیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی میڈیا نے کہا اسرائیل متحدہ عرب امارات سے اپنے زیادہ تر سفارتی عملے کو واپس بلا رہا...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی کیس میں پی ٹی آئی رہنما احمد چٹھہ کی درخواست ضمانت خارج

گوجرانوالہ کی عدالت نے عمر ایوب اور زرتاج گل کی ضمانت میں 15 اگست تک توسیع کر دی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ کی عدالت میں پی ٹی آئی رہنماؤں عمر ایوب، زرتاج گل اور احمد چٹھہ کے خلاف 9 مئی مقدمے کی سماعت ہوئی، عمر ایوب، زرتاج گل اور احمد چٹھہ عدالت میں پیش نہیں ہوئے، عدالت نے احمد چٹھہ کی درخواست ضمانت...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ایکسپریس کے بعد پاک بزنس ٹرین بھی حادثے کا شکار

لاہور (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ایکسپریس کے بعد پاک بزنس ٹرین بھی حادثے کا شکار ہو گئی، گزشتہ روز اسلام آباد ایکسپریس کو حادثہ پیش آیا، پاک بزنس ٹرین بھی ڈی ریل ہو گئی، دو روز قبل وزیراعظم شہباز شریف نے چند روز قبل ٹرین کا افتتاح...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر ٹرمپ ہی والد عمران خان کو رہائی دلوا سکتے ہیں، بیٹا قاسم

جانتے ہیں والد اور صدر ٹرمپ کے درمیان ماضی میں خوشگوار تعلقات رہے، دونوں ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں

امریکی صدر کوئی بیان دیں یا پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ سے کسی سطح پر رابطہ کریں تو رہائی ہو سکتی ہے، برطانوی صحافی کو انٹرویو

لندن (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کے صاحبزادے قاسم خان نے کہا ہے امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ واحد عالمی رہنما ہیں...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی، پولیس تھانے پر کریکر حملہ، ملزمان فرار، تحقیقات جاری

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان کے ضلع نوشکی کے علاقہ قادر آباد میں قائم پولیس تھانے پر نامعلوم افراد کی جانب سے کریکر حملہ کیا گیا تاہم خوش قسمتی سے اس واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بائیو میٹرک سروے پروگرام کیلئے 10 ہزار ٹیبلٹس خریدنے کا فیصلہ

خریداری کیلئے ایک ارب روپے کا تخمینہ، جلد کنٹریکٹ ایوارڈ کر دیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے گھر گھر جا کر بائیو میٹرک سروے پروگرام کیلئے 10 ہزار بائیو میٹرک ٹیبلٹس خریدنے کا فیصلہ کرتے ہوئے خریداری کا تخمینہ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ہیپاٹائٹس سے قیدیوں کا انتقال، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ نے دعویٰ مسترد کر دیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ہیپاٹائٹس سے قیدیوں کا انتقال، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ نے عمران خان کے بیٹے کا دعویٰ مسترد کر دیا، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل عبدالغفور انجم نے کہا اڈیالہ میں کوئی قیدی ہیپاٹائٹس سے متاثر نہیں، تمام قیدیوں کا ہیپاٹائٹس بی، سی اور ایچ آئی وی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی کے ہوٹلوں میں امریکی سرکاری اہلکاروں کی سرگرمیاں محدود

کراچی (بیورو رپورٹ) امریکی محکمہ خارجہ نے خطرے کی اطلاع موصول ہونے پر امریکی سرکاری اہلکاروں کے دوروں کو عارضی طور پر محدود کر دیا، امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے جاری سیکیورٹی الرٹ میں کہا گیا امریکی قونصل خانہ کراچی کو شہر کے اعلیٰ درجے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری 18 ویں اے ٹی ایف بیسک کورس پاسنگ آؤٹ پریڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

پاک چین دوستی نئی توانائی کیساتھ مضبوط تر ہوتی جا رہی ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے حالیہ علاقائی کشیدگی میں چین نے پاکستان کی غیر مشروط حمایت جاری رکھی، سی پیک کا سفر کاغذ سے اربوں ڈالر کے منصوبے تک پہنچا، پاک چین دوستی بدلتے حالات...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

چینی J-20 کی آبنائے سوشیما پر پرواز، جدید ریڈار سسٹم بھی نہ پکڑ سکا

پرواز ایسے علاقے سے ہوئی جہاں امریکی، جاپانی و جنوبی کوریائی ریڈار سسٹمز کا گہرا جال بچھا ہے

بیجنگ (بیورو رپورٹ) چین نے کہا ہے J-20 مائٹی ڈریگن اسٹیلتھ لڑاکا طیارہ جاپان کے قریب سخت نگرانی والے آبنائے سوشیما سے کسی کے علم میں آئے بغیر...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے میں خود احتسابی کا نیا نظام متعارف کرا دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے میں اصلاحات کا عمل تیز، خود احتسابی کا نیا نظام متعارف کرا دیا گیا، اینٹی کرپشن ونگ میں ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل اکاؤنٹ ایبلٹی قائم کر دیا، نیا ڈائریکٹوریٹ بدعنوانی کیخلاف خود ہی انکوائری کرے گا...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

26 نومبر احتجاج کیس، مسلسل غیر حاضر ملزموں کے وارنٹ گرفتاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں غیر حاضر ملزموں کو اشتہاری قرار دیتے ہوئے وارنٹ جاری کر دیے، پی ٹی آئی کارکنوں کیخلاف 26 نومبر احتجاج کے کیسز کی سماعت ڈیوٹی جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کی، عدالت نے غیر حاضر ملزموں کو...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے توسیع پروگرام حفاظتی ٹیکہ جات میں 2 ارب 38 کروڑ کی بے قاعدگیاں

ای پی آئی بلوچستان کی جانب سے ایک ارب 66 کروڑ کی وفاقی ڈائریکٹوریٹ کو ادائیگی، ٹیکنیکل ویکسین اور ٹول کٹ کیلئے کوئی ریکارڈ دستیاب نہیں

کورونا کے دوران بغیر کسی بل کے 11 کروڑ 35 لاکھ مشکوک ادائیگیاں بھی کی گئیں، آڈیٹر جنرل پاکستان کی رپورٹ بلوچستان اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (م ڈ) بلوچستان کے توسیع پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات میں 2 ارب 38 کروڑ روپے کی بے قاعدگیوں کا انکشاف، بے قاعدگیاں آڈیٹر جنرل کی 2018 سے 2023 کے دوران میں سامنے آئیں اور رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ای پی آئی بلوچستان...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایس پی آر نے یوم آزادی کی مناسبت سے ملی نغمہ ریلیز کر دیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے یوم آزادی کے موقع پر حب الوطنی کے جذبات سے بھرپور نیا ملی نغمہ جاری کر دیا، گلوکار واجد سعید کی جانب سے تیار کیے گئے ملی نغمے دل سے پاکستان ریلیز ہوتے ہی مقبول ہو گیا اور صارفین نے سوشل میڈیا پر بھی شیئر کیا جانے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر کیلئے کراچی سے مزید دو پروازیں بحال کرنے کا فیصلہ

7 اگست سے آغاز ہوگا، تجارتی سرگرمیوں کیلئے فضائی رسائی ناگزیر ہے، وفاقی وزیر

گوادر، کوئٹہ (یو این اے) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری کی ذاتی دلچسپی اور کوششوں کے نتیجے میں گوادر کے لیے کراچی سے ہفتے میں مزید دو فضائی...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس افغان مہاجرین کی آڑ میں لوکل عوام کو ہراساں کرنے لگی

شناختی دستاویزات دکھانے کے باوجود کئی گھنٹوں تک گاڑیوں میں بند رکھا جاتا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے افغان باشندوں کی آڑ میں لوکل باشندوں کو بلا جواز طور پر شناختی دستاویزات دکھانے کے باوجود کئی گھنٹوں تک پولیس گاڑیوں...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وفاقی وزیر کیخلاف موٹر سائیکل چوری کا مقدمہ سیشن کورٹ منتقل

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر غلام مرتضیٰ جتوئی کیخلاف موٹر سائیکل چوری کا مقدمہ ڈوکری کی عدالت کے بعد سیشن کورٹ بھیج دیا گیا، سیشن جج نے مقدمے کی سماعت کیلئے ایڈیشنل سیشن جج کو...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نے دہشتگردی کے خاتمے کا تہیہ کر رکھا ہے، آئی جی بلوچستان

پولیس کو دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے تاکہ ملک دشمن عناصر کی بیخ کنی کر کے بلوچستان کو پرامن بنایا جا سکے، معظم جاہ انصاری

ملک و قوم کے تحفظ کی خاطر شہادت کا رتبہ پانے والے افسران و جوانوں کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا کہ دہشتگردی سے نبرد آزما ہونے اور ملک و قوم کے تحفظ کی خاطر شہادت کا رتبہ پانے والے پولیس افسران اور جوانوں کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی پولیس عوام کی...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں پاک فوج کے تعاون سے جرگہ اور امن کانفرنس

پشاور (بیورو رپورٹ) شمالی وزیرستان اور ڈی آئی خان میں پاک فوج کے تعاون سے قبائلی مشیران و عمائدین کا جرگہ اور گرینڈ بین المسالک امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جرگے کے دوران مشیران و عمائدین نے...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

خبردار!

افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز اور پی او آر کارڈز رکھنے والے

غیر ملکیوں کی رضا کارانہ اپنے ملک واپسی کی

ڈیڈ لائن ختم ہو چکی ہے

غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں اور دیگر غیر ملکیوں کو گرفتار کر کے اُن کے اپنے ملک بھیج دیا جائے گا۔

یاد رکھیں!

قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے تاحال بلوچستان میں غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کے خلاف قانونی کارروائی کے تحت ان کی باعزت واپسی کا فوری انتظام انہیں خصوصی کیمپس میں رکھنے کے بعد اپنے ملک واپس بھیج دیا جائے گا

غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو پناہ، رہائش یا ملازمت دینے اور ان سے خرید و فروخت کرنے والے افراد کے خلاف بھی ہو گی سخت قانونی کارروائی!

بارڈر ٹرانزٹ پوائنٹس پر ون ڈاکومنٹ پالیسی کا نفاذ

ان اقدامات کی بدولت قانونی طور پر مقیم اور مقامی افراد کیلئے

بڑھیں گے روزگار کے مواقع، ملے گا سماجی تحفظ اور ہو گی قانون کی عملداری

ہمارا عزم۔۔بلوچستان کی فلاح اور عوامی مفادات کا تحفظ

محکمہ داخلہ | حکومت بلوچستان

SS No. 03/02.08.2025

ٹریفک مسائل حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں، ڈاکٹر سمیع ملک

کوئٹہ میں بڑھتی ہوئی ٹریفک کا دباؤ شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کر رہا ہے، ایس ایس پی کوئٹہ کی میڈیا سے بات چیت

34ہزار 694 چالان، 825 موٹر سائیکلیں، 273 گاڑیاں اور 51 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ضبط کی گئیں

کوئٹہ (اے پی پی) ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ ڈاکٹر سمیع ملک نے کہا ہے کہ ٹریفک پولیس کی جانب سے شہر میں ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کیلئے کارروائی کا سلسلہ جاری ہے، اب تک 34ہزار 694 چالان کاٹے گئے 825 موٹر سائیکلیں 273 گاڑیاں اور 51 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں ضبط کی گئیں، چالانوں کی مد میں 1.25 ملین روپے آمدن حاصل ہوئی ہے، والدین کم عمر بچوں کو گاڑی یا موٹر سائیکل نہ دیں، کیونکہ یہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہی نہیں بلکہ بچوں کی زندگی کے لیے خطرہ بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز اے پی پی کو خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر سمیع ملک نے کہا کہ شہر میں ٹریفک نظام کو مؤثر اور جدید بنانے کے لیے جامع حکمت عملی پر عملدرآمد جاری ہے کوئٹہ میں بڑھتی ہوئی ٹریفک کا دباؤ شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کر رہا ہے جسے حل کرنے کے لیے محکمہ ٹریفک پولیس مسلسل کوششیں کر رہا ہے۔ آخر میں ڈاکٹر سمیع ملک نے کہا کہ ٹریفک کا بہتر نظام شہریوں کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ عوام ٹریفک قوانین کی پابندی کریں تاکہ کوئٹہ کو ایک محفوظ اور منظم شہر بنایا جا سکے۔

رکن صوبائی اسمبلی صادق سنجرانی، پیپلز پارٹی کے رہنما اعجاز حکمرانی سے انکی والدہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ ٹریفک جام معمول بن گیا پولیس چالان کاٹنے میں مصروف شہری اذیت میں مبتلا

شہر کی مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور چوراہوں پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں، ہارنوں کی گونج، دھوئیں اور گرمی سے شہری پریشان

تجاوزات کا خاتمہ، ٹریفک پولیس کی نفری میں اضافہ اور اہلکاروں کی تربیت، بڑے چوراہوں پر جدید ٹریفک سگنلز لگائے جائیں، مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک جام ایک مستقل اور سنگین مسئلہ بن چکا ہے، جس کے باعث شہریوں کو روزانہ کی بنیاد پر گھنٹوں تک سڑکوں پر اذیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہر کی مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور چوراہوں پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں، ہارنوں کی گونج، دھوئیں اور گرمی سے پریشان شہری ٹریفک نظام میں بہتری کے منتظر ہیں، مگر متعلقہ ادارے تاحال عملی اقدامات سے گریزاں دکھائی دیتے ہیں۔ شہر کے اہم علاقوں جناح روڈ، کاسی روڈ، سریاب روڈ، میکانگی روڈ، بروری، اسپنی روڈ، سمنگلی روڈ سمیت دیگر مقامات روزانہ بدترین ٹریفک جام کا شکار رہتے ہیں۔ دفتر اور اسکول کے اوقات میں صورتحال مزید گھمبیر ہو جاتی ہے، جس کی سنگینی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایمبولینسیں سائرن بجاتی رہتی ہیں لیکن راستہ نہیں ملتا۔ متعدد شہریوں نے شکایت کی کہ بیمار اور زخمی افراد اسپتال بروقت نہیں پہنچ پاتے۔ ٹریفک جام سے متاثرہ شہریوں نے سخت غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نہ تو کوئی مستقل حکمت عملی ہے، نہ ہی ٹریفک اہلکار صحیح طریقے سے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اے این این سے گفتگو کرتے ہوئے ماہرین کا کہنا ہے کہ سڑکوں کی تنگی اور ناقص منصوبہ بندی، سڑکوں پر تجاوزات (فٹ پاتھوں پر دکانیں، ٹھیلوں کا قبضہ)، غیر تربیت یافتہ ڈرائیورز اور قانون شکنی، ٹریفک سگنلز کی عدم موجودگی یا خرابی، ٹریفک پولیس کی کمی اور غیر متحرک رویہ ہے۔ شہریوں اور ماہرین نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے درج ذیل اقدامات کا مطالبہ کیا ہے کہ سڑکوں پر فوری تجاوزات کا خاتمہ، ٹریفک پولیس کی نفری میں اضافہ، بڑے چوراہوں پر جدید ٹریفک سگنلز کی تنصیب، مخصوص اوقات میں ہیوی ٹریفک پر پابندی، ماس ٹرانزٹ یا پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کا قیام عمل میں لایا جائے۔

جامعہ بلوچستان میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد کا پروگرام کامیابی سے مکمل

وی سی جامعہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی ڈاکٹر ممتاز بلوچ، ڈاکٹر زینب نے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے

کوئٹہ (اے این این) جامعہ بلوچستان میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد اور تدریسی معیار کو بہتر بنانے کے لیے منعقدہ 21 روزہ فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام کامیابی سے مکمل ہو گیا۔ یہ پروگرام ہائر ایجوکیشن کمیشن HEC، فیکلٹی ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سینٹر FTDC، جامعہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی اور جامعہ بلوچستان کے باہمی اشتراک سے منعقد کیا گیا۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر جامعہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ممتاز بلوچ تھے، جبکہ مہمان اعزاز پروفیسر ڈاکٹر زینب بی بی، ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سائنسز، جامعہ بلوچستان تھیں۔ ایڈووکیٹ عبدالقدوس رجسٹرار، جامعہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی، جناب نوراللہ امین کاکڑ ڈائریکٹر FTDC اور ٹریژرر محمد آصف جناب محمد صادق سالاری، ڈائریکٹر تعلقات عامہ جناب محمد یوسف گل، جناب نوید افتخار احمد ٹریننگ کوآرڈینیٹر نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ فیکلٹی ممبران، ٹرینرز اور شرکاء کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب کے دوران تمام شرکاء کو سرٹیفکیٹس دیے گئے، جبکہ مہمانان خصوصی، ماہرین اور ٹرینرز کو اعزازی شیلڈز پیش کی گئیں۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز بلوچ اور پروفیسر ڈاکٹر زینب بی بی نے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ اساتذہ کی مسلسل تربیت نہ صرف تدریسی عمل کو مضبوط کرتی ہے بلکہ جامعات کو بین الاقوامی تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ بھی کرتی ہے۔ پروگرام کے دوران مختلف جامعات کے ماہر اساتذہ، تجربہ کار پروفیسرز اور وائس چانسلرز نے تدریسی حکمت عملی، تحقیق، نصاب سازی، قیادت، اور اعلیٰ تعلیم کے جدید رجحانات پر سیشنز دیے۔

آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری 18 ویں اے ٹی ایف بیسک کورس پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، جبکہ کمانڈنٹ اے ٹی ایف ٹریننگ سکول کرنل (ر) اسد فاروق سپاسنامہ پیش کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان گوٹھ ساتو اللہ خان کنرانی میں روڈ کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

جبری گمشدگیاں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، نصراللہ بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے خلاف، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے قائم احتجاجی کیمپ کوئٹہ پریس کلب سامنے 5898 واں روز جاری مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے احتجاجی کیمپ آکر اظہار یکجہتی کی، وائس فار مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے کہا کہ جبری گمشدگیاں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام جبری لاپتہ افراد کو منظر عام پر لا کر انہیں قانونی چارہ جوئی کا حق دیا جائے، ماورائے آئین جبری گمشدگیاں بند کیا جائے، جبری لاپتہ افراد کو بازیاب کیا جائے، لاپتہ بلوچوں کو ماورائے قانون قتل کرنے کے سلسلے کو بند کیا جائے اور جبری گمشدگیوں کے مسئلہ ملکی قوانین کے تحت حل کیا جائے نصراللہ بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں طاقت کے استعمال سے گریز کیا جائے، بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اسے سیاسی طریقے سے حل کیا جائے۔

لیبر اینڈ مین پاور میں بھرتی میں کوٹے کی منصفانہ تقسیم کو نظر انداز کیا گیا، اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹ آفیسرز

ایس اینڈ جی اے ڈی کے طے شدہ طریقہ کار کی صریح خلاف ورزی ہے، وزیر اعلیٰ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کی جانب سے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور میں ہونے والے بھرتی کے عمل پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ اس بھرتی کے عمل میں نہ صرف زونل کوٹہ، خواتین اور معذور افراد کے کوٹے کی منصفانہ تقسیم کو نظر انداز کیا گیا ہے بلکہ اس کی مکمل شفافیت پر بھی سوالات اٹھتے ہیں۔ ایسوسی ایشن کے مطابق ریکروٹمنٹ کمیٹی کی تشکیل بھی قواعد و ضوابط کے برعکس کی گئی ہے۔ اس کمیٹی میں وہ افراد شامل کیے گئے ہیں جو مخصوص پسند و ناپسند کی بنیاد پر منتخب کیے گئے ہیں، جو کہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے طے شدہ طریقہ کار کی صریح خلاف ورزی ہے۔ ایسا بھرتی عمل نہ صرف نوجوان پڑھے لکھے افراد کے لیے مایوسی کا باعث ہے بلکہ اس سے معاشرے میں بے چینی اور عدم اطمینان بھی جنم لے گا۔ اس قسم کی غیر منصفانہ پالیسیوں سے نوجوان طبقے کا اعتماد ختم ہو گا اور وہ اپنے مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کا شکار ہوں گے۔ بیان میں چیف منسٹر اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے پر زور اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس بھرتی کے عمل کا ذاتی طور پر جائزہ لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ بھرتی کا پورا عمل میرٹ، شفافیت اور قوانین کے عین مطابق ہو تاکہ اہل امیدواروں کو ان کا جائز حق مل سکے۔

صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم زیادہ تر گرم رہنے کی توقع ہے، موسمیاتی مرکز

کوئٹہ (پ ر) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق ہفتہ اور اتوار کو صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم زیادہ تر گرم رہنے کی توقع ہے۔ تاہم ژوب، بارکھان، موسیٰ خیل، شیرانی، لورالائی، زیارت، ہرنائی، بولان، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، خضدار اور لسبیلہ کے اضلاع سمیت پہاڑی علاقوں میں مختلف مقامات پر بوندا باندی اور ہلکی بارش کا امکان ہے جبکہ بعض مقامات پر آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہو سکتی ہے۔ نوشکی، چاغی، خاران، واشک اور پنجگور کے علاقوں میں گرد آلود ہواؤں کے ساتھ دن کا درجہ حرارت انتہائی گرم رہے گا۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران خضدار میں 15.8 ملی میٹر جبکہ ژوب میں 07.0 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ سب سے زیادہ درجہ حرارت دالبندین میں 43.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

سول ہسپتال کوئٹہ میں مرمت و تعمیر کے کام سے مریضوں کو سہولت ہو گئی، سرور ہنگورگی

ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر عبدالہادی کاکڑ کی محنت وزیر صحت کی دلچسپی رنگ لا رہی ہے، سماجی رہنما

کوئٹہ (پ ر) سماجی رہنما نگری غلام سرور ہنگورگی عدنان انور، ٹیو انور زئی سعید انور ہنگورگی اور دیگر نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کے پرعزم کردار سیکرٹری صحت کی تعمیری سوچ اور نوجوان باصلاحیت MS ڈاکٹر عبدالہادی کاکڑ سول ہسپتال کے اپنے کام سے لگن کو سراہتے ہوئے کہا کہ تینوں کرداروں نے محکمہ صحت کو پاؤں پر کھڑا کرنے اور باعتماد بنانے کے لیے روڈ میپ پر کام جاری رکھنے کا تہیہ کر رکھا ہے جن کے نتائج کے کچھ اثرات بھی سامنے آرہے ہیں کوئٹہ کے قدیم سول ہسپتال میں جاری اصلاحات اور تعمیری کام کی جھلک میڈیسن سٹور کا قیام صفائی کی بہتر ہوتی ہوئی صورت حال اچھے مستقبل کا اشارہ دے رہے ہیں مریضوں کے اہل خانہ اور مصنوعی گھاس کی پیوندکاری بھی عام و خاص کی سہولت اور دلچسپی کا باعث بن رہی ہے۔

عمران خان ودیگر اسیر ارکان کو فوری رہا کیا جائے، رحیم کاکڑ

اتنا ظلم تو فلسطین میں بھی نہیں ہوا جتنا یہاں ہو رہا ہے، سابق میئر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے سینئر رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میروائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، بشیر احمد، نعیم جمال، توقیر بھٹی، ارشد اچکزئی، امین آغا، ضیاء الحق، نعمت اللہ، سردار بہلول اور سردار احمد نے ایک مشترکہ بیان میں ذمہ دار حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عمران خان اور تمام تحریک انصاف کے گرفتار ارکان کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ عمران خان اور دیگر سینئر قیادت کو بوگس مقدمات میں دی گئی سزائیں ظلم کی انتہا ہیں، جنہیں فوری طور پر ختم کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ "اتنا ظلم تو فلسطین میں اسرائیل نے بھی نہیں کیا جتنا یہاں اپنے ہی لوگوں پر ہو رہا ہے"۔ بیان میں کہا گیا کہ 5 اگست کے دن کی مناسبت سے منعقدہ پروگراموں کو روکنا ملک و قوم کے مفاد میں نہیں، یہ اقدام عوامی ردعمل کو مزید بڑھا سکتا ہے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے قبائلی علاقوں میں جاری آپریشنز پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ہیلی کاپٹروں کے ذریعے نشانہ بنانا کسی صورت انصاف نہیں۔ اگر کوئی مسئلہ ہے تو مقامی قبائل سے بات چیت کے ذریعے اس کا حل نکالا جائے۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ قبائلی عوام محب وطن اور پاکستان سے وفادار ہیں، ان کے ساتھ ایسا سلوک نہ کیا جائے جیسے وہ دشمن ہوں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ہمیشہ عوام کے ساتھ کھڑی جماعت رہی ہے۔

کوئٹہ: مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ سے یوتھ ونگ بلوچستان کے سیکرٹری جنرل میر سجاد رئیسانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

نوابزادہ میر لشکری خان رئیسانی اے پی سی میں شرکت کے بعد کوئٹہ پہنچ گئے

نوابزادہ نے دو روزہ قومی کانفرنس میں صوبے کے اجتماعی مسائل کو ہائی لائٹ کیا

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کے بعد کوئٹہ پہنچ گئے۔ ہفتے کی شام سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی اسلام آباد میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام 31 جولائی اور یکم اگست کو ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں بلوچستان کی نمائندگی کرنے کے بعد نجی ایئر لائن سے کوئٹہ پہنچے ہیں، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے دو روزہ کانفرنس میں بلوچستان کی حقیقی نمائندگی کرتے ہوئے صوبے کے اجتماعی قومی مسائل پر صوبے کے عوام کا نکتہ نظر سیاسی جماعتوں کے سامنے رکھتے ہوئے جملہ قومی حقوق کے حوالے سے تجاویز پیش کیں، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے اپنے خطاب میں بلوچستان میں انسانی حقوق، آئین و قانون کی پامالیوں، صوبے کے لوگوں سے ان کی سرزمین کا قومی اختیار چھین کر ساحل وسائل کی لوٹ مار، سیاسی کارکنوں کو پابند سلاسل رکھنے کی جانب سیاسی جماعتوں کی توجہ مبذول کرائی تھی۔

کوئٹہ: اہلیان کان مہترزئی علی الرحمن کاکڑ، حبیب الرحمن مہترزئی، مولوی سیف الدین و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر حافظ حسین احمد شرودی، انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، صالح نورزئی دکان کا افتتاح کر رہے ہیں

پشتونخوا میپ ضلعی کمیٹی اجلاس میں شہری مسائل پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا اجلاس صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز رزاق ترین اور اقبال بے زئی نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی کی تنظیمی سیاسی امور، ضلع کوئٹہ کے چاروں تحصیلوں میں جاری علاقائی کانفرنسز کے انعقاد، ممبر شپ اور عوامی مسائل کو زیر غور لایا گیا۔ اجلاس میں تحصیل سٹی، تحصیل صدر، تحصیل سریاب اور تحصیل کچلاک نے اپنی تنظیمی سیاسی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کیسکو اور واسا حکام کی غیر سنجیدگی کے باعث کوئٹہ کے عوام رل چکے ہیں، ایک جانب فارم 47 کی مسلط حکومت دوسری جانب غیر سنجیدہ مسلط نمائندوں نے کوئٹہ شہر کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ بدترین مسائل و مشکلات سے دوچار عوام کی کسی بھی شعبہ زندگی میں مسائل حل نہیں ہو رہے ہیں۔

پشتونخوا ایس او کا زرعی یونیورسٹی میں احتجاجی کیمپ جاری

احتجاجی جمہوری جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) زرعی یونیورسٹی میں صوبائی حکومت کے تعلیم دشمن فیصلوں کے خلاف پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کا احتجاجی کیمپ آج بھی جاری رہا۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن زرعی یونیورسٹی کے زیر اہتمام زرعی یونیورسٹی میں احتجاجی کیمپ چوتھے روز بھی جاری رہا جس میں سینکڑوں طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ کیمپ میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی، صوبائی و ضلعی عہدیداروں نے شرکت کی۔ کوئٹہ کے دیگر تعلیمی اداروں کے ساتھ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن لاء کالج کے وفد نے علاقائی سیکرٹری صفیع اللہ لونی کی سربراہی میں ایک بڑے جلوس کی شکل میں کیمپ میں شرکت کی۔ احتجاجی کیمپ سے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے عہدیداران نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نا اہل صوبائی حکومت کی طرف سے زرعی یونیورسٹی کے عمارتوں کو رینٹ پر دینے کا سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنے اکابرین بالخصوص خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ہمیشہ جمہوری جدوجہد پر کامزن رہینگے۔ انہوں نے فارم 47 کے مسلط کردہ صوبائی وزیر اعلیٰ کے اس بیان پر افسوس کیا کہ زرعی یونیورسٹی میں طلباء و طالبات کی تعداد بہت کم ہے اور تعمیر شدہ عمارتیں زیر استعمال نہیں۔

12 ربیع الاول ریلی 29 اگست کو کارکن بھرپور شرکت کریں گے، امیر طارق محمود

کوئٹہ (آئی این پی) تحریک لبیک کوئٹہ ڈویژن امیر حاجی طارق محمود عباسی، ناظم اعلیٰ حاجی محمد ظریف رضوی نے کہا ہے کہ تحریک لبیک کوئٹہ ڈویژن کے زیر اہتمام استقبال 12 ربیع الاول ریلی 29 اگست کی تیاریاں عروج پر ہیں۔ کارکن تیار رہیں تحریک لبیک کوئٹہ ڈویژن کے زیر اہتمام استقبال 12 ربیع الاول کے حوالے سے ریلی 29 اگست کو نکالی جائے گی جس میں عاشقان مصطفی ﷺ کا سمندر اللہ اکبر ہر طرف کوئٹہ شہر میں تاجدار ختم نبوت، لبیک یا رسول، مرحبا یا مصطفی ﷺ درود و سلام کی صدائیں، نعروں سے ہر سو گونج اٹھے گا۔ کوئٹہ میں 12 ربیع الاول استقبالیہ ریلی میں علماء و مشائخ، اہلسنت اور میلاد شریف کا اہتمام کرنے والی تمام تنظیمات و دیگر مذہبی، سیاسی اور سماجی شخصیات شرکت کرینگے۔ اس سلسلے میں جماعت کے عہدیداران اور کارکنان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تیاری جاری رکھیں اور ریلی میں زیادہ سے زیادہ شرکت کریں۔

عمران خان کی رہائی تک جدوجہد جاری رہے گی، صادق آغا

تحریک فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ پشین میں ورکر کنونشن سے خطاب

پشین (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ چیئرمین عمران خان کی رہائی کے لیے شروع کی جانے والی تحریک اپنے فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے اور یہ تحریک اس وقت تک جاری رہے گی جب تک عمران خان کو رہا نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ پانچ اگست کو فیصلہ کن تحریک کے آغاز میں پورے بلوچستان میں احتجاجی ریلیاں نکالی جائیں گی۔ اور پانچ اگست سے شروع ہونے والی تحریک ایک نئے باب کا آغاز کرے گی جس میں عوام اپنی بھرپور شرکت کے ذریعے ثابت کریں گے کہ وہ عمران خان کے ساتھ ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ پشین میں منعقدہ عظیم الشان ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے سید صادق آغا نے کہا کہ عمران خان ملک کی عوام کی آواز ہیں، اور عوام اب مزید ان کے ساتھ ہوتے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔

محکمہ صحت میں فنڈز کا غلط استعمال اب بھی جاری ہے، وائی ڈی اے

پریس کانفرنس کے ذریعے میڈیا اور عوام کے سامنے حقائق رکھے گئے، سپریم کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کونسل ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ صحت بلوچستان مکمل طور پر چند مخصوص کرپٹ عناصر کے ہاتھوں یرغمال بن چکا ہے۔ ایک طرف سیکرٹری ہیلتھ مجیب اور پیکج کنٹریکٹ کمیٹی والے دعوے کرتے ہیں کہ محکمہ صحت کو اپنی ذاتی کمائی اور کمیشن کا اڈا بنا رکھا ہے، تو دوسری جانب عوامی صحت کے بنیادی مسائل جوں کے توں ہیں۔ محکمہ صحت کا پورا انتظام صرف ٹینڈرز، کمیشن، کرپشن اور مالی خورد برد کے گرد گھوم رہا ہے۔ ہسپتالوں میں "ایک نائکل بیٹا، دوسرا لگا" کا کھیل جاری ہے جبکہ زمینی سطح پر صحت کی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ وزیر صحت اور ان کی ٹیم میڈیا پر جھوٹ بازیاں کر رہی ہے، وہ صرف دکھاوا ہیں۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ان تمام بے بنیاد دعوؤں کو یکسر مسترد کرتی ہے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان بہت جلد ایک تفصیلی پریس کانفرنس کے ذریعے میڈیا اور عوام کے سامنے ان تمام حقائق کو لائے گی جس میں بتایا جائے گا کہ محکمہ صحت کے اندر عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے فنڈز کا کس طرح بے دردی سے غلط استعمال ہو رہا ہے، اور اس کرپشن میں کون کون ملوث ہے۔ یہ پریس کانفرنس صرف بیانات تک محدود نہیں ہوگی، بلکہ ہم ثبوتوں کے ساتھ ان عناصر کو عوامی عدالت میں لا کھڑا کریں گے۔ محکمہ صحت کے تمام شعبے اور دکھاوے بے نقاب کیے جائیں گے تاکہ عوام کو اصل چہرے دکھائے جا سکیں۔ جھل مگسی میں "بائیو

مسائل کا حل مذاکرات اور افہام و تفہیم سے ممکن ہے، حافظ محمد یوسف

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا حافظ محمد یوسف نے کہا کہ ملک کے موجودہ حالات خصوصاً باجوڑ اور دیگر قبائلی علاقوں میں جاری فوجی آپریشنز پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے۔ ہمارا موقف ہمیشہ سے یہ رہا ہے کہ مسائل کا حل طاقت یا گولی سے نہیں بلکہ مذاکرات اور افہام و تفہیم سے ممکن ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام واضح طور پر یہ سمجھتی ہے کہ بزور قوت مسائل کو حل کرنے کی کوششیں نہ صرف بے سود ہیں بلکہ یہ ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں بھی ہرگز نہیں ہیں۔ ایسے آپریشنز ملک میں مزید عدم استحکام اور بداعتمادی کا باعث بنتے ہیں، جس کے منفی اثرات پوری قوم کو بھگتنے پڑتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم حکومت سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ہوش کے ناخن لے اور ہر مسئلے کو طاقت کے ذریعے حل کرنے کے بجائے پائیدار اور جامع مذاکراتی عمل کا آغاز کرے۔

کوئٹہ: پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے مرکزی سیکرٹری جنرل سیف اللہ خالد، صوبائی صدر ادریس مغل و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جھل مگسی میں "بائیو فورٹیفائیڈ اسٹیپل کراپس راؤنڈ ٹیبل ڈائیلاگ" کا انعقاد کیا گیا

زرعی ماہرین، تحقیقی ادارے، سرکاری محکمے، این جی اوز اور مقامی کمیونٹی کے نمائندوں نے شرکت کی

کوئٹہ (آن لائن) سماجی تنظیم (HOPE) بلوچستان کے زیر اہتمام جھل مگسی میں "بائیو فورٹیفائیڈ اسٹیپل کراپس" کے حوالے سے راؤنڈ ٹیبل ڈائیلاگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں زرعی ماہرین، تحقیقی ادارے، سرکاری محکمے، این جی اوز اور مقامی کمیونٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ مکالمے کا مقصد غذائی قلت کے خاتمے، خوراک اور نیوٹریشن سیکیورٹی میں بہتری کے لیے بائیو فورٹیفائیڈ فصلوں کو فروغ دینا اور ان کی پیداوار کو بڑھانا تھا، جس میں محکمہ زراعت توسیع، ایگریکلچر یونیورسٹی، ڈائریکٹوریٹ آف ریسرچ و ٹیکنیکل سیڈ پروڈکشن، ایگریکلچر آفس جھل مگسی اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ مکالمے میں ضلع میں کام کرنے والی این جی اوز، پروجیکٹ کے شرکا اور کمیونٹی کے افراد بڑی تعداد میں موجود تھے۔ زرعی ماہرین نے بائیو فورٹیفائیڈ فصلوں کی غذائی اہمیت، مائیکرو نیوٹرینٹس کی کمی کو کم کرنے میں ان کے کردار، اور جدید کاشتکاری طریقوں پر تفصیلی معلومات فراہم کیں۔ مکالمے کا خاص پہلو "اکبر 19" بائیو فورٹیفائیڈ گندم پر گفتگو تھا۔

انجینئرنگ کونسل کے چیف سیکرٹری کو لکھے گئے خط کی مذمت کرتے ہیں، نور زمان کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی صدر نور زمان کاکڑ، نائب صدر حضرت علی اچکزئی، جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری، پریس سیکرٹری خالد جاوید، کریم بلوچ، اسلم کھیتران، سی اینڈ ڈبلیو کے دستگیر زہری، ایری گیشن زون کے صدر نادر شاہ، بی ڈی اے کے صدر عارف ہنگورگی، یعقوب مندوخیل، لوکل گورنمنٹ کے نور احمد قمرانی، امین اللہ کاسی ٹیکنیکل ونگ کے صدر حنیف زہری اور اربن ڈیپارٹمنٹ کے ظہور مینگل نے ایک مشترکہ بیان میں انجینئرنگ کونسل کے چیف سیکرٹری بلوچستان کو لکھے گئے گمراہ کن خط کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ انجینئرنگ کونسل کے ارباب اختیار کے خلاف انجینئرنگ کونسل ایکٹ 1976 اور عدالتی فیصلوں کی بار بار غلط تشریح کرنے پر سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ کیونکہ سپریم کورٹ آف پاکستان کی پٹیشن نمبر 52 کے نتیجے میں 1995 میں طے کر دیا گیا تھا کہ انجینئرنگ کونسل ایکٹ سرکاری ملازمین اختیار کرنے والے انجینئرز پر لاگو نہیں ہوتا۔

انتقال پرملال/اظہار تعزیت

علی خان خوندئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) علی خان خوندئی روڈ ایکسیڈنٹ میں علی خان خوندئی شہید ہو گئے وہ نعمت اخوندئی بصورت خان خوندئی سعید خان خوندئی، راز محمد خوندئی کے بھائی جبکہ الف خان خوندئی کے چچا زاد بھائی تھے مرحوم کو خوندئی میں سپرد خاک کر دیا گیا فاتحہ خوانی خروٹ آباد خوندئی میں جاری ہے۔ دریں اثناء خوندئی کے سربراہ سردار سید محمد حنیف خوندئی نے تعزیت کی ہے۔

مسلم اتحاد کالونی کے نامور عالم دین مولانا عبداللہ بزنجو انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مسلم اتحاد کالونی کے نامور عالم دین مولانا عبداللہ بزنجو انتقال کر گئے وہ حاجی محمد نعیم بزنجو حاجی محمد رحیم بزنجو حاجی عبید اللہ بزنجو کے چھوٹے بھائی تھے اور جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا ضیاء الرحمن فاروقی کے داماد تھے جن کی فاتحہ خوانی مسلم اتحاد کالونی جامع مسجد سیدان میں جاری ہے دریں اثناء جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا شاہ محمد حاجی سید عبدالواحد آغا مولانا محمد سالو و دیگر نے مولانا عبداللہ بزنجو کے انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین

صحافی نادر علی بزدار کی والدہ انتقال کر گئیں

بھاگ (آن لائن) انچارج آپریشن برانچ بھاگ کے انچارج غلام حیدر بزدار، نیشنل پریس کلب بھاگ کے صحافی نادر علی بزدار، مستری علی حیدر بزدار، فوجی محمد اسحاق بزدار کی والدہ بقضائے الٰہی انتقال کر گئیں ہیں جنہیں بھاگ شہر کے مقامی قبرستان شہنشاہ میں سپرد خاک کیا گیا رسم سوم تین اگست بروز اتوار صبح 7:30 بجے بر اب محلہ مستوئی پاس بھاگ میں ادا کی جائے گی دریں اثناء نیشنل پریس کلب بھاگ کے صدر عبدالرحمن ہنگورگی نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

عبدالمعیز کاشف کی فاتحہ خوانی الشوکت ہاؤس کینٹ میں جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) عبدالمعیز کاشف کینیڈا کار حادثہ میں 21 جولائی کو شہید ہو گئے تھے۔ وہ شہید الحاج شوکت حسین کے پوتے اور کاشف شہزاد کے بڑے بیٹے اور شفقت حسین، ڈاکٹر فرحت حسین، حاجی راحت حسین، ایڈووکیٹ شجاعت حسین، خرم شہزاد کے بھتیجے تھے محمد ریان اور محمد طلحہ کے بڑے بھائی اور اسامہ راحیل کے برادر نسبتی تھے۔ مرحوم کی میت بروز ہفتہ 2 اگست اسلام آباد سے کوئٹہ پہنچنے پر کینٹ قبرستان میں نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا فاتحہ خوانی و تعزیت الشوکت ہاؤس نمبر 80 مدرسہ روڈ کوئٹہ کینٹ میں بروز اتوار 3 اگست شام تک جاری رہے گا۔

میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر مینگل ہاؤس کراچی میں فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ / کراچی (این این آئی) میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر مینگل ہاؤس کراچی میں فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے۔ ہفتہ کو سابق وزیر اعلیٰ رکن بلوچستان اسمبلی نواب ثناء اللہ زہری، رکن قومی اسمبلی شہریار مہر، صوبائی وزیر اطلاعات و ٹرانسپورٹ سندھ شرجیل انعام میمن، صوبائی وزیر توانائی سندھ ناصر حسین شاہ، سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی محمد اسلم بھوتانی، رکن سندھ اسمبلی منظور وسان، میر اسراراللہ زہری، سابق وفاقی وزیر غوث بخش مہر، چیئرمین ایف پی سی سی آئی میاں زاہد حسین، سابق گورنر بلوچستان جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، و دیگر نے مینگل ہاؤس کراچی میں جا کر سابق وزیر اعلیٰ میر نصیر مینگل سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

تعزیت کرنیوالوں سے اظہار تشکر

کوئٹہ (پ ر) ممتاز قبائلی و سماجی رہنما حاجی ضیاء الحق کاکڑ کی اہلیہ، سابق ڈائریکٹر سکولز حاجی خان محمد کاکڑ مرحوم، حاجی لالہ سلطان کاکڑ شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر لعل خان کاکڑ، شہید باز محمد کاکڑ کے وکیل، ایڈووکیٹ عطا خان کاکڑ، ایڈووکیٹ علی احمد کاکڑ، کنٹریکٹر ہنگامات کوئٹہ سول ڈویژن نیاز خان کاکڑ کی ہمشیرہ، حبیب الرحمان کاکڑ، عتیق الرحمان کاکڑ، نوشیروان خان کاکڑ ایڈووکیٹ، بیرسٹر اسد خان کاکڑ، فاروق سلطان، ہارون سلطان، رومان کاکڑ کی پھپھی ڈاکٹر عبدالعلی کاکڑ، عبدالباقی کاکڑ، ڈاکٹر عبدالہادی کاکڑ سیشن جج یوسف کاکڑ، محمد علی کاکڑ، سمیع کاکڑ کی چچازاد بہن اظہار خان کاکڑ، معیز کاکڑ، ڈاکٹر معاذ خان کاکڑ کی والدہ کے انتقال پر فاتحہ آج چشمہ اچوزئی میں آخری روز جاری رہیگی۔ مرحومہ کے لواحقین نے ان تمام افراد کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے گھر آکر، بیرون ملک سے بذریعہ واٹس ایپ، ٹیلی فون، اخباری بیانات یا خود گھر آکر فاتحہ خوانی کی اور ان کے غم میں شریک ہوئے۔

ولی جیٹ ڈسپنسری کی مشینری کی منتقلی قابل مذمت ہے یوسف وقار شاہوانی

عوامی مشکلات میں اضافے کی کوشش ناقابل قبول ہے، ترجمان سریاب جے یو آئی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سینئر رہنما ترجمان سریاب یوسف وقار شاہوانی نے سریاب روڈ پر واقع ہیلتھ کیئر سینٹر کی قیمتی مشینری کی دوسرے مقام پر منتقلی کے حکومتی فیصلے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے سریاب کے عوام کے ساتھ ایک ناقابل برداشت ناانصافی قرار دیا ہے انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہیلتھ کیئر سینٹر سریاب کے بزرگ، بیمار اور مستحق افراد کے لیے ایک واحد سہارا تھا، جہاں انہیں فزیوتھراپی اور دیگر علاج معالجے کی سہولیات کچھ نہ کچھ میسر تھیں۔ اب اس مشینری کی منتقلی کا مطلب ہے کہ علاقے کے ہزاروں ضرورت مند افراد کو ان بنیادی سہولیات سے محروم کیا جا رہا ہے۔ یوسف وقار شاہوانی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ بالخصوص ڈی ایچ او کوئٹہ کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ سریاب بھی کوئٹہ کا حصہ ہے، یہاں کے لوگ بھی پاکستانی ہیں، ان کا بھی برابر کا حق ہے۔ مگر افسوس کہ ہر بار ترقیاتی اسکیموں، طبی سہولیات اور حکومتی توجہ سے محرومی کا نشانہ صرف سریاب بنتا ہے۔

سابق وزیر اعلیٰ میر نصیر مینگل سے میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری، محمد اسلم بھوتانی، عمر جمالی و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ: بلوچستان کمیونٹی سکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر امین مینائی مطالبات کے حق کیلئے پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ میں بیٹھے ہیں

نوٹس نیلامی حقوق وصولی برائے سیفٹی اریسکیو ٹریننگ برائے معدنیات

نمبر شمار	بلاک	علاقہ جات	بولی جمع کرنے کی تاریخ	بولی کھولنے کا وقت اور تاریخ	مقام نیلامی	زرضمانت
1	05	دکی، چھانگ، شاہرگ، ہرنائی، ملکیت زرد آلو زیارت	18 اگست 2025ء	19 اگست 2025ء 1:30 PM	انسپکٹریٹ آف مائنز بلوچستان لنک سریاب روڈ کوئٹہ	چالیس لاکھ روپے Rs4,000,000
2	01	سورینج ڈیگاری سنجدی ماروڑ کوئٹہ	18 اگست 2025ء	19 اگست 2025ء 2:30 PM	انسپکٹریٹ آف مائنز بلوچستان لنک سریاب روڈ کوئٹہ	بیس لاکھ روپے Rs.2,000,000

نیلامی کی شرائط: (1) نیلامی میں صرف محکمہ ہذا کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران حصہ لے سکتے ہیں (2) نیلامی میں حصہ لینے کے لئے درخواست فارم "اے" دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں ایک دن قبل لے جا سکتے ہیں جس کے ساتھ گرین چالان جو کہ مبلغ -/3000 (تین ہزار روپے ناقابل واپسی) نیلامی فیس تمام بلاک کے لئے الگ الگ بذریعہ نیشنل بینک آف پاکستان کی کسی بھی برانچ میں محکمہ ہذا کے سرکاری اکاؤنٹ نمبر [Balochistan A/C No.1 (Non Food) C03508-Other Receipt] اور RCO Code 7410 میں جمع کروانے کے بعد دفتر میں فارم A کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے (3) نیلامی کے لئے درخواست فارم "اے" تاریخ نیلامی سے ایک روز قبل تک وصول کئے جائیں گے (4) درخواست فارم "اے" کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات الوازمات منسلک کرنا ضروری ہے۔ (ا) کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل (ب) مقرر کردہ زرضمانت اکال ڈیپازٹ CDR بنام چیف انسپکٹر آف مائنز بلوچستان ہونا چاہیئے (ج) اوپن چیک قابل قبول نہیں ہوگا مجاز بینک منیجر سے جاری شدہ زرضمانت اکال ڈیپازٹ کا باقاعدہ تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ بغیر تصدیق شدہ کال ڈیپازٹ قبول نہیں ہوگا اور بے آرڈر قابل قبول نہیں ہوگا اور ٹھیکیداروں کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ نیلامی سے ایک روز قبل جمع کرانا شرط ہے۔ بعدازاں کوئی بھی کال ڈپازٹ قابل قبول نہیں ہوگی۔ اور نہ کامیاب پیشکش بولی دہندہ اپنے کال ڈیپازٹ ایک دن بعد حاصل کر سکتے ہیں نیلامی میں وہ ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہیں جس نے اپنی رجسٹریشن 2022 تجدید کی ہو۔ اور FBR سے ٹیکس گوشوارے برائے سال 2023 اور 2024 جمع کرا ہوگا (5) کامیاب پیشکش دہندہ بولی کو منظور شدہ بولی کی کل رقم کا 25% حصہ بطور پیشگی منظور ہونے کے دس دن کے اندر اندر جمع کرنا ہوگا (6) کامیاب پیشکش دہندہ ٹھیکیدار کو حکومت کی منظور شدہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا (7) کامیاب پیشکش دہندہ منظور شدہ بولی کی کل رقم کا مزید 25% حصہ بابت سیکورٹی از زرضمانت بولی کے منظور ہونے کے دس دن کے اندر جمع کرنا ہوگا (8) کامیاب پیشکش دہندہ منظور شدہ بولی کی رقم کا 0.25% کے حساب سے جوڈیشل اسٹام پیپر پر ایگریمنٹ داخل دفتر کرنا ہوگا۔ ان شرائط کی تکمیل کے بعد ایوارڈ کنٹریکٹ جاری کیا جائے گا (9) اگر پہلی پیشکش اولی بولی دہندہ بالا شرائط کی تکمیل دس دن کے اندر نہیں کرے گا تو آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ مذکورہ بولی دہندہ کا جمع شدہ کال ڈپازٹ بحق سرکار ضبط کر کے دوسرے نمبر پر بولی دہندہ کو انہی شرائط کی بنیاد پر ٹھیکہ کے مدعو (آفر) کی جائے گی۔ اگر دوسرے نمبر پر بولی دہندہ بھی مندرجہ بالا شرائط کی تکمیل نہیں کرے گا تو اسکی بھی ڈپازٹ بحق سرکار ضبط کر کے ٹھیکے کیلئے دوبارہ نیلامی کی جائے گی (10) پہلی پیشگی اقساط کی ادائیگی کے بعد ٹھیکہ کی بقایا رقم (9) ماہانہ اقساط میں وصول کی جائیں گی۔ جو کہ ٹھیکیدار کو ہر ماہ کی 7 تاریخ تک جمع کرانا ضروری ہے۔ دو مسلسل اقساط جمع نہ ہونے کی صورت میں آفیسر مجاز کو حق حاصل ہے کہ وہ ٹھیکیدار کی جمع شدہ رقم سیکورٹی بحق سرکار ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کر دے (11) ٹھیکہ حاصل کرنے کے بعد ٹھیکیدار تمام ملازمین اور چیک پوسٹ کی تفصیل فراہم کرنے کا پابند ہوگا (12) ٹھیکہ حاصل کرنے کے بعد ٹھیکیدار ہر قسم کے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا (13) ڈیوٹی وصولی کی شرح حکومت بلوچستان کے نافذ العمل شرح کے مطابق 25% فی ٹن ریٹ آف رائلٹی ہوگی (14) حکومت بلوچستان کی جانب سے ڈیوٹی کی شرح بڑھنے یا گھٹنے کی صورت میں ٹھیکہ کی رقم میں اسی تناسب سے اضافہ یا کمی کر دی جائے گی (15) ٹھیکہ کی معیاد صرف ایک سال ہوگی جو کہ اجراء ورک آرڈر سے شروع ہوگی (16) آفیسر مجاز کو حق حاصل ہے کہ وہ ایک یا تمام بولی بغیر وجہ بتائے بغیر مسترد کر دے (17) سرکاری واجبات کے نادہندہ گان بولی میں حصہ نہیں لے سکتے (18) ٹینڈر سیل ہوگا اور ہر ٹھیکیدار اپنی بولی بند لفافے میں ایک گھنٹہ پہلے جمع کروائے گا پھر سب بولی ٹھیکیداران یا ان کے نمائندوں کے سامنے سیل کھولی جائے گی (19) سرکاری چھٹی ہونے کی صورت میں اگلے دن نیلامی منعقد کی جائے گی (20) نیلامی وقت مقررہ پر ہوگی مقررہ وقت کے بعد کوئی بولی قابل قبول نہیں ہوگی (21) نیلامی میں وہ ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہیں جو FBR میں رجسٹرڈ ہیں اور سالانہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرتے ہیں۔ مجاز حکام نیلامی کے دن انکم ٹیکس ریٹرن سرٹیفکیٹ چیک کر سکتے ہیں (22) نیلامی میں انکم ٹیکس نادہندہ و ڈیفالٹر حصہ نہیں لے سکتے۔ جنہوں نے سال 2014 سے لیکر 2024 تک ڈیپارٹمنٹ میں ٹھیکیداری اور انکم ٹیکس جمع نہیں کیا (23) نیلامی میں وہ ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہیں جس نے اپنی رجسٹریشن 2024 تجدید کی ہو۔ **نوٹ:** سابقہ، گوداموں وتابکاری کی معدنیات پر ڈیوٹی وصول نہیں کی جائے گی۔

چیف انسپکٹر مائنز بلوچستان

PRQ No384/01-08-2025

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

AUCTION/DISPOSAL NOTICE

Utility Stores Corporation of Pakistan (USCP), Ministry of Industries & Production, intends to auction various kind of furniture & fixed assets etc. on **"As is, where is"** basis. Following will be procedure / criteria of auction:-

i. All the auction bids/offers shall reach on or before **11-08-2025** at **12:30 PM** which will be opened by the Auction Committee, on the same date & time in the presence of the bidders or their duly authorized representatives, who may wish to attend the auction proceeding on the given address.

ii. Every Pakistani having Computerized National Identity Card issued by **NADRA** can participate in the open public auction except defaulter of the Government Department or Govt. servant. The Companies can participate through their authorized representatives.

iii. Every participant of the open auction will submit Demand Draft/ Pay Order valuing Rs.1,000,000/- (One Million) in favor of **Utility Stores Corporation of Pakistan (Pvt) Ltd** along-with CNIC before time of auction, which shall be returned to all depositor after the open auction except the highest bidder .

iv. Every participant of open auction will submit Bid on prescribed form along-with a certificate on stamp paper of Rs. 100/- that he is neither a government employee nor a defaulter of the any Government Department.

v. All the Government taxes applicable will be borne by the successful bidder.

vi. The successful bidder shall be responsible for the collection / lifting of all the items from designated locations within 10 days.

vii. Feel free to contact on given phone number, in case of any query.

viii. Complete auction bidding documents and additional information (if any) may be obtained from below given address.

Zonal Manager USC Quetta Zone

Utility Stores Corporation of Pakistan (Pvt) Ltd

Old R.C.P, Building, Near T.T.C, Sirki Road, Quetta

Phone # 081-9211584

PID(Q)61/25

بعدالت خصوصی جج (انسداد منشیات سبسٹانسز-II) کراچی

خصوصی کیس نمبر 86/2020

ایف آئی آر نمبر 2020/10 جرم اے این ایف، پی۔ ایس۔ کسٹمز، کراچی

ریاست ---- بخلاف ---- محمد اعظم و دیگر

سیکشن 87 سی آر پی سی کے تحت ملزمان کی حاضری کے لئے اعلان

ہرگاہ کہ میرے روبرو شکایت داخل کی گئی ہے کہ ملزمان بنام مشہد خان ولد غلام خان ساکن کالی پوتی نصرن، بوستان تحصیل کرازت ضلع پشین اور موسیٰ ولد ہاشم خان ساکن ولیج کنوی، تحصیل لورالائی ضلع لورالائی نے منشیات کی اسمگلنگ کا جرم کیا ہے اور ان کی گرفتاری کیلئے جاری وارنٹ واپس آگئے ہیں اور بتایا گیا ہے کہ ملزمان کو تلاش نہیں کیا جا سکا اور ہرگاہ میرے اطمینان کیلئے بتایا گیا ہے کہ مذکورہ بالا ملزمان روپوش ہیں اور مذکورہ بالا وارنٹ کی تکمیل سے گریز کر رہے ہیں

2۔ بذریعہ ہذا اعلان کیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا ملزمان 16-09-2025 کو صبح 9:00 بجے معزز عدالت ہذا کے روبرو حاضر ہوں اور مذکورہ شکایت کا جواب دیں۔

میرے دستخط اور مہر عدالت سے 29-07-2025 کو جاری کیا گیا۔

دستخط خصوصی جج

(CNS-II) کراچی

PID K-448/25

جلد نصیر آباد ڈویژن میں پارٹی اپنی طاقت کا مظاہرہ کرے گی، عالم خان گولہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ نصیر آباد ڈویژن کے قائمقام ڈویژنل صدر میر عالم خان گولہ نے اپنے ایک بیان میں نصیر آباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد حسین گولہ کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ڈویژن کے فعال پارٹی کے حالات کے پیش نظر گوٹھ میر عالم گولہ نصیر آباد میں نصیر آباد ڈویژن کے تمام اضلاع کے صدور جنرل سیکرٹری اور سینئر دوستوں کا اجلاس 9 تاریخ بروز ہفتہ طلب کرے اجلاس میں نصیر آباد ڈویژن کے کارکنان، عہدیداران کو درپیش مسائل اور پارٹی کو نصیر آباد ڈویژن میں فعال بنانے کے لیے تجاویز طلب کی جائیں گی انہوں نے مزید کہا کہ قائد میاں نواز شریف کے متوالوں کو اقتدار میں دیوار کے ساتھ لگانے والوں سے ورکروں کی مشاورت سے مقابلہ کرنے کے لئے کمر کسنے کا وقت آ گیا ہے اور ہم نظریاتی ورکروں کو مشرف رجیم نے متزلزل نہ کر سکی تو اب کیسے ممکن ہے انہوں نے کہا کہ بہت جلد نصیر آباد ڈویژن میں پارٹی اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنے کے لئے ورکرز کنونشن کا اعلان بھی کرے گی اور منتخب نمائندوں کی اکثریت کا تعلق بھی نصیر آباد ڈویژن سے ہے اور یہ کیسے ممکن ہے کہ ورکرز کو دیوار سے لگا کر ہم کریں گا کہیں انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب ہمارے ورکرز عزت و احترام دو کا سلوگن لیکر چلیں گے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

نوجوانوں کی موجودگی اور شمولیت پارٹی کی اصل طاقت ہیں، میر سلیم کھوسہ

مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کو ہر سطح پر آگے لایا جائے گا اور ان کی تجاویز اور خدمات کو پارٹی کی پالیسی سازی میں شامل کیا جائے گا

پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان کے وفد کی صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ سے ملاقات خدمات پر خراج تحسین پیش کیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ سے یوتھ ونگ بلوچستان کے جنرل سیکریٹری میر سجاد رئیسانی کی قیادت میں یوتھ ونگ کا وفد پارٹی کے صوبائی دفتر میں ملاقات کررہا ہے۔ وفد میں صوبائی سینئر نائب صدر میر معین الدین کرد، عرفان بلوچ، صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رازق بزنجو، جوائنٹ سیکریٹری عزیز مری، کوئٹہ ڈویژن کے صدر میر مہر علی بجارانی، شفیق کشمیری سمیت دیگر اہم رہنما شامل تھے۔ اس موقع پر محکمہ فشریز کے پارلیمانی سیکریٹری میر برکت رند اور بلوچستان اسمبلی کے رکن ڈاکٹر اشوک کمار بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران یوتھ ونگ کے رہنماؤں نے میر سلیم احمد کھوسہ کو بلوچستان میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کا باقاعدہ صوبائی دفتر کھولنے پر خراج تحسین پیش کیا۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ یہ اقدام نہ صرف پارٹی کارکنان کے لیے رابطے اور رہنمائی کا مرکز ہوگا بلکہ بلوچستان میں پارٹی کی تنظیمی فعالیت اور موجودگی کو بھی مضبوط کرے گا۔ وفد نے اس بات پر زور دیا کہ ایک منظم اور فعال پارٹی دفتر نوجوان قیادت کو اپنی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں جاری رکھنے کا پلیٹ فارم مہیا کرے گا۔ یوتھ ونگ کے رہنماؤں نے کہا کہ میر سلیم کھوسہ کی قیادت میں مسلم لیگ ن بلوچستان میں ایک نئی تنظیمی توانائی اور استحکام کی طرف گامزن ہے، جو پارٹی کے روشن مستقبل کی نوید ہے۔ میر سلیم احمد کھوسہ نے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کی موجودگی اور شمولیت پارٹی کی اصل طاقت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کو ہر سطح پر آگے لایا جائے گا اور ان کی تجاویز اور خدمات کو پارٹی کی پالیسی سازی میں شامل کیا جائے گا۔ ملاقات میں تنظیمی امور، سیاسی حکمت عملی اور نوجوانوں کے کردار پر تفصیلی گفتگو ہوئی

کوئٹہ: آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری 18ویں اے ٹی ایف بیچ کورس پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب کے موقع پر تاثرات قلمبند کر رہے ہیں

صنعتی شہر حب میں ترقی کی نئی پہچان اوشین ڈاؤن ٹاؤن

جدید اور بین الاقوامی معیار کا کمرشل منصوبہ ایک نئی سمت دے رہا ہے

کاروباری طبقے کے لیے سہولتوں سے آراستہ دکانیں، روزگار کی نئی راہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں ترقی کی نئی پہچان اوشین ڈاؤن ٹاؤن، بلوچستان کے صنعتی مرکز حب میں ایک جدید اور بین الاقوامی معیار کا کمرشل منصوبہ ہے، جو شہر کے تجارتی منظرنامے کو ایک نئی سمت دے رہا ہے۔ یہ منصوبہ مقامی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے نہایت پرکشش تجارتی مواقع فراہم کرتا ہے۔ یہ وژنری منصوبہ صدیق سنز لمیٹڈ کے تحت پیش کیا گیا ہے اور اسے میونسپل کارپوریشن حب سے باضابطہ منظوری حاصل ہے۔ منصوبے کا مقصد صرف جدید دکانیں تعمیر کرنا نہیں بلکہ حب شہر کی معیشت اور طرز زندگی کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ منصوبے کی نمایاں خصوصیات۔ بلوچستان کا پہلا بین الاقوامی معیار کا کمرشل پروجیکٹ۔ وسیع پارکنگ ایریا اور محفوظ ماحول جدید طرز تعمیر اور انفراسٹرکچر شاپنگ مارکیٹ، کمرشل دفاتر اور آفس اسپیس۔ کاروباری طبقے کے لیے سہولتوں سے آراستہ دکانیں روزگار کے مواقع اور مقامی معیشت کو فروغ خریداروں اور کرایہ داروں دونوں کے لیے دستیاب دکانیں تعمیراتی پیش رفت تین منزلہ عمارت کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ شاپنگ مارکیٹ اور کمرشل دفاتر پر مشتمل یہ عمارت جدید سہولیات سے آراستہ ہوگی، جس کا ہر پہلو عالمی معیار کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے۔ فاروق شیخ (پروجیکٹ انچارج) نے کہا اوشین ڈاؤن ٹاؤن حب اور آس پاس کے علاقوں کے تاجروں کو عالمی معیار کی تجارتی سہولتیں فراہم کرے گا۔ ہمارا وژن بلوچستان کو تجارتی ترقی کا ایک مضبوط ستون بنانا ہے، جہاں روزگار، خوشحالی اور جدید سہولتیں ہر دروازے تک پہنچیں۔ دکان کی خرید و فروخت یا کرایہ پر لینے کے لیے آج ہی رابطہ کریں

اوتھل، لاکھڑا روڈ پر دن دہاڑے مسلح ڈکیتی، پولیس کی کارکردگی پر سوالات

علاقے میں بڑھتی وارداتیں انتظامیہ کی ناکامی کا ثبوت ہیں، شہریوں کا ردعمل

اوتھل (یو این اے) ضلع لسبیلہ کے مرکزی علاقے اوتھل کے قریب لاکھڑا روڈ پر دن دہاڑے مسلح ڈکیتی کی واردات نے شہریوں کو شدید خوف و ہراس میں مبتلا کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نقاب پوش موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے ایک کاروباری شخصیت کو اسلحے کے زور پر روک کر لاکھوں روپے کی نقدی لوٹی اور فرار ہو گئے۔ یہ واقعہ شہری آبادی سے بالکل قریب پیش آیا، جس کے باعث علاقے میں شدید تشویش پھیل گئی۔ عینی شاہدین کے مطابق ملزمان نہایت اطمینان سے واردات مکمل کر کے جائے واردات سے چلے گئے، جبکہ پولیس دیر سے پہنچی، جس پر شہری حلقوں نے شدید ردعمل ظاہر کیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اوتھل پولیس کی کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے، اور وہ جرائم کی روک تھام کے بجائے صرف کاغذی کارروائیوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اوتھل اور گرد و نواح میں بڑھتے ہوئے جرائم کا فوری نوٹس لیا جائے، اور ایسے مؤثر اقدامات کیے جائیں جن سے عوام کو تحفظ کا احساس ہو اور مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق اس واردات سے متعلق مزید تفصیلات اور پولیس کی مبینہ نااہلی کے حوالے سے آئندہ چند دنوں میں حقائق منظر عام پر آسکتے ہیں۔

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان جھٹ پٹ ایریگیشن ڈرینج کا جائزہ لے رہے ہیں

92 نیوز کے نمائندے سلیم مجاہد کو دھمکی پر سونمیانی پریس کلب وندر کی مذمت

صحافیوں کو ہراساں کرنا آزادی صحافت پر حملہ ہے، سلیم مجاہد کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

سونمیانی وندر (یو این اے) سونمیانی پریس کلب وندر نے لسبیلہ کے سینئر صحافی اور 92 نیوز کے نمائندے سلیم مجاہد کو ایس ایس پی لسبیلہ کی جانب سے پیکا ایکٹ کے تحت مبینہ قانونی […] مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ اقدام آئین پاکستان میں دی گئی صحافتی آزادیوں پر براہ راست حملہ ہے۔ صحافت عوامی آگاہی اور احتساب کا ذریعہ ہے، اسے دبانے کی کسی بھی کوشش کو […] پولیس سربراہ کا ردعمل افسوسناک اور قابل […] ہوئے ان کا دفاع ہر فورم پر کیا جائے گا۔

ڈیرہ مراد جمالی کو صاف و خوبصورت بنانے پر کام جاری

میونسپل کمیٹی متحرک، مون سون سے قبل سیوریج کی مکمل صفائی شروع

چھتر (یو این اے) میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے چیف آفیسر محمد سلیم ڈومکی نے کہا ہے کہ شہر میں صفائی ستھرائی اور خوبصورتی کے لیے میونسپل کمیٹی پرعزم ہے اور محدود وسائل کے باوجود تمام تر ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ نصیرآباد کے ہیڈکوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی میں صفائی کا عمل بھرپور انداز میں جاری ہے۔ مون سون بارشوں کے پیش نظر شہر کی سیوریج لائنوں کی مکمل طور پر صفائی کر دی گئی ہے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے بتایا کہ شہر کے ہر گلی، محلے اور کوچے میں صفائی کی جا رہی ہے اور صفائی عملہ روزانہ کی بنیاد پر ذمہ داری سے اپنے فرائض انجام دے رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کو صفائی کے حوالے سے واضح بہتری محسوس ہو رہی ہے۔ چیف آفیسر محمد سلیم ڈومکی نے کہا کہ صفائی صرف میونسپل کمیٹی کی نہیں بلکہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے، اگر ہر فرد اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں کردار ادا کرے تو ڈیرہ مراد جمالی کو بلوچستان کا ماڈل شہر بنایا جا سکتا ہے۔

سماجی تنظیم بلوچستان کے زیراہتمام محل گلی میں بائیو فورٹیفائیڈ اسپیل گرانس کے حوالے راؤنڈ ٹیبل ڈائیلاگ کے انعقاد کے موقع پر گروپ فوٹو

وندر، بریڈ و کیمپ کے قریب نامعلوم شخص کی چند روز پرانی لاش برآمد

سونمیانی وندر (یو این اے) وندر پولیس اسٹیشن کی حدود میں بریڈ و کیمپ کے قریب نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ایدھی ذرائع کے مطابق نعش چند روز پرانی ہے اور اس کی شناخت تاحال ممکن نہیں ہو سکی۔ اطلاع ملتے ہی ایدھی فاؤنڈیشن کی ایمبولینس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور نعش کو ضروری قانونی کارروائی کے بعد سہراب گوٹھ کراچی کے ایدھی سرد خانے منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کی مزید تحقیقات پولیس کر رہی ہے۔

ایف آئی اے بلوچستان ماتحت اہلکاروں کی کرپشن پر ان کا محاسبہ کرے، رمضان اچکزئی

ادارے نے کوئٹہ میں ایسے شخص کی شکایت پر کارروائی کی ہے جو 500 میٹر دور سے گھریلو کنکشن سے کمرشل ہوٹل کا کنکشن چلا رہا تھا، جوائنٹ صدر

صارفین کی شکایت کیلئے نیپرا، وفاقی محتسب اور کیسکو کے ایس اینڈ آئی کا فورم موجود، جہاں محاسبہ رولز اور ریگولیشنز کے مطابق کیا جاتا ہے

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے مرکزی جوائنٹ صدر و صوبائی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی نے گزشتہ روز مقامی روزنامہ کوئٹہ میں ایف آئی اے کوئٹہ کی طرف شائع شدہ خبر جس میں اسپیشل مجسٹریٹ کیسکو اور اس کی ٹیم کی طرف سے صارفین کے میٹر اتروا کر اور بجلی کرنے کی پاداش میں ٹیم کے اسسٹنٹ کی گرفتاری اور کیسکو مجسٹریٹ کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے کی خبر کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف آئی اے بلوچستان کا موجودہ ڈائریکٹر بہرام خان مندوخیل ایک ایماندار پولیس آفیسر ہے جن کی تعیناتی چند دن پہلے ایف آئی اے بلوچستان میں ہوئی ہے جو کرپشن کا گڑھ ہے انہیں چاہیے کہ وہ اپنے چارپائی کے نیچے ڈانگ پھیرے اور ایف آئی اے بلوچستان کے ماتحت اہلکاروں کی کرپشن پر ان کا محاسبہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے کوئٹہ نے ایک ایسے شخص کی شکایت پر کارروائی کی ہے جو گھریلو کنکشن سے کمرشل ہوٹل کا کنکشن چلا رہا تھا اور 500 میٹر دور کھمبے سے کنکشن لیا تھا جس پر کیسکو کے مجسٹریٹ اور ان کی ٹیم نے 22 جولائی 2025 کو ان کا کنکشن کاٹ کر سپرنٹنڈنگ انجینئر سنٹرل سرکل کوئٹہ کو رپورٹ بھیجی تھی۔ اس طرح دیگر بجلی چوروں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی جاری تھی جس کی رپورٹ ہر روز سپرنٹنڈنگ انجینئر سنٹرل سرکل کیسکو کو دی جارہی تھی۔ ایسے بجلی چوروں کی سرپرستی ایف آئی اے میں موجود کرپٹ اہلکار کر رہے ہیں۔ اس سے پیشتر بھی کیسکو کے ملازمین پر بہت سے بے بنیاد کیسز بنائے گئے تھے اور عدالت کے سامنے کیس کو ثابت نہیں کر سکے بلکہ ایف آئی اے کرپٹ اہلکاران ملزمان کو اپنے مقاصد کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اب انہی ملزمان میں سے چند اہلکاروں کو ایف آئی اے کے کرپٹ اہلکاران اپنے مقاصد کیلئے کرپشن میں استعمال کرتے ہیں اور کیسکو کے ایماندار ملازمین کو کرپشن پر مجبور کرتے ہیں۔ انہوں نے ڈائریکٹر ایف آئی اے بلوچستان کی توجہ دلائی ہے

حب، میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے جنگی گوٹھ میں اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب جاری

اسٹریٹ لائٹس عوامی سہولت اور جرائم کے تدارک کی جانب اہم قدم ہے، میر علی حسن زہری

حب (یو این اے) صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری کی خصوصی کاوشوں سے جنگی گوٹھ میں اسٹریٹ لائٹس لگانے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کا مقصد علاقے کی سڑکوں اور گلیوں کو روشن کر کے شہریوں کو بہتر سفری سہولت فراہم کرنا اور رات کے اوقات میں آمد و رفت کو محفوظ بنانا ہے۔ ذرائع کے مطابق، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب سے نہ صرف عوام کو سہولت میسر آئے گی بلکہ علاقے میں بڑھتی ہوئی جرائم کی شرح پر بھی قابو پانے میں مدد ملے گی۔ شہریوں نے وزیر زراعت میر علی حسن زہری کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ علاقے میں ترقی اور بہتری کی نئی راہیں کھولے گا۔ مقامی رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ماضی میں اندھیرے کے باعث راستوں پر چلنا مشکل تھا، جبکہ چوری اور دیگر جرائم کی وارداتیں بھی معمول بن گئی تھیں۔ اب اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب سے یہ خدشات کافی حد تک کم ہو جائیں گے واضح رہے کہ میر علی حسن زہری اپنے حلقے میں عوامی ترقیاتی کاموں کے حوالے سے خاصی شہرت رکھتے ہیں، اور اس منصوبے کو بھی ان کے عوام دوست وژن کا تسلسل قرار دیا جا رہا ہے۔

بی میں اسکول کھل گئے مگر ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن دفتر سے غائب، عوام برہم

بی (یو این اے) بی میں گرمیوں کی چھٹیاں ختم ہونے کے بعد تعلیمی ادارے کھل گئے، تاہم بی ڈویژن کے ذمہ دار آفیسر، ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن بی ڈویژن اپنے دفتر سے مسلسل غائب ہیں، جس پر عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ اہلیان بی کے مطابق موصوف ایک سفارشی افسر ہیں جو اپنے فرائض سے غفلت برتتے ہوئے کوئٹہ میں ٹھنڈی ہوا کے مزے لوٹنے میں مصروف ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ افسر اس سے قبل بھی اکثر اوقات اپنے دفتر سے غیر حاضر رہ کر سرکاری خزانے کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ایم پی اے بی، کمشنر بی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے

زیارت، پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری عبدالحق ابدال اولسی جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

افسران فرض شناسی کو زندگی کا حصہ بنائیں، رفعت مختار راجہ

ادارے کی کارکردگی افسران کی لگن اور دیانت داری سے وابستہ ہے

ڈپٹی ڈائریکٹر رینک پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سے ڈپٹی ڈائریکٹر رینک پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب منعقد ہوئی۔ ڈی جی […] جان محمد، اے ڈی جی امیگریشن شکیل درانی، اور اے ڈی جی اینٹی کرپشن ونگ محمد جعفر نے رینک لگائے ترقی پانے والے افسران میں اعجاز احمد شیخ، بابر شہریار، رضوان اسلم، بہاول […]

پاکستان پر 19 فیصد امریکی ٹیرف کے نفاذ کا مطلب کیا؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان جنوبی ایشیا کا واحد ملک ہے جس پر امریکہ نے نسبتاً کم ٹیرف لگایا، ماہرین کے مطابق 19 فیصد ٹیرف کے نفاذ کا مطلب ہے اب پاکستان کو امریکہ بھیجی جانے والی مصنوعات پر 19 فیصد کی شرح سے ٹیکس ادا کرنا ہوگا، اقدام پاکستان کے ٹیکسٹائل سیکٹر کیلئے بڑا سہارا سمجھا جا رہا ہے جو ملک کی کل برآمدات کا […] سنہری موقع ہے کم امریکی ٹیرف سے فائدہ اٹھا کر بنگلہ دیش کی مصنوعات پر سبقت لے جا سکتے ہیں، امریکہ میں پاکستان کے سابق سفیر حسین حقانی نے کہا اب امریکہ میں پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات قدرے سستی پڑیں گی، رپورٹ کے مطابق پاکستان جنوبی ایشیا میں سب سے کم امریکی ٹیرف ریٹ رکھنے والا ملک بن کر ابھرا۔

بلوچستان کے مسائل کے حل اور قیام امن کیلئے آج کوئٹہ میں امن جرگہ ہوگا

جرگہ میں تمام سیاسی، مذہبی جماعتوں کے قبائلی و سیاسی رہنماؤں کو شرکت کی دعوت دی گئی، سیف اللہ خالد، قاری محمد یعقوب شیخ

دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کیلئے سب کو متحد ہو کر کام کرنا ہوگا، صوبائی امیر پاکستان مرکزی مسلم لیگ محمد ادریس مغل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے مرکزی رہنما سیف اللہ خالد، قاری محمد یعقوب شیخ اور صوبائی امیر محمد ادریس مغل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کے حل اور قیام امن کے لئے آج کوئٹہ میں امن جرگہ منعقد ہوگا جس میں تمام سیاسی، مذہبی جماعتوں کے قبائلی و سیاسی رہنماؤں کو شرکت کی دعوت دی گئی کیونکہ بلوچستان کے لوگ دور جدید میں زندگی کی بنیادی سہولیات امن، تعلیم، صحت جیسی سہولت سے محروم ہیں دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کیلئے سب کو متحد ہو کر کام کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر شکر خان رئیسانی، نسیم آغا، سجاد الرحمن سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا محسن صوبہ ہے خان آف قلات اور قبائلی قائدین نے پاکستان کے ساتھ الحاق کر کے قائد اعظم محمد علی جناح اور فاطمہ جناح کو سونے اور چاندی میں تول کر کرنسی بنانے میں مدد کی پاکستان کی تعمیر و ترقی میں بلوچستان کا بہت بڑا کردار ہے۔ بیرونی قوتیں بلوچستان میں امن و امان خراب کرنے میں ملوث ہیں۔ دشمنوں کے ہاتھوں میں کھیلنے والوں نے آج تک پاکستان کو تسلیم نہیں کیا ہم صوبائی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ امن کے قیام کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لایا جائے صحت تعلیم، بے روزگاری خاتمہ سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ امن کے بغیر تجارت سمیت دیگر شعبے ترقی نہیں کرسکتے اور بہتری نہیں آسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج 3 اگست 2025، کو ایئرپورٹ روڈ عثمانیہ ہوٹل میں بلوچستان امن کانفرنس کا انعقاد ہوگا جس میں تمام سیاسی، مذہبی جماعتوں کو دعوت دی گئی ہے۔ امن کانفرنس میں بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر روشنی ڈالی جائے گی اور مسائل کے حل کیلئے مشترکہ کوششیں اور جدوجہد کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے آفات اور مصیبت کی گھڑی میں بلوچستان کے لوگوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔ بے روزگاری کا حل تلاش کر کے کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے ہر فرد تک اس کا حق پہنچ جانا چاہئے مسائل حل کرنا حکومت کا فرض ہے۔ ملک میں سب سے بڑا مسئلہ بیرونی مداخلت ہے۔ بلوچستان کے لوگوں کا دہشت گردی سے دور دور تک کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ بقاء، دفاع اور استحکام پاکستان کو پروان چڑھانے کی ضرورت ہے۔ بنیان مرصوص کے ذریعے ملک کے افواج نے دشمن ملک کو دندان شکن جواب دیکر فتح حاصل کی۔ کشمیر ہمارا شہ رگ ہے کشمیری اپنی آزادی کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں فتح حق اور سچ کی ہوگی۔

قلات، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی ہدایت پر تحصیلدار عبدالغفار لہڑی کی زیرنگرانی میں پرائس کنٹرول کمیٹی نرخنامے چیک کر رہے ہیں

عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، میر لیاقت علی لہڑی

عوامی خدمت ایک مقدس منصب ہے، عوام نے ہمیں ووٹ دے کر ایوان میں بھیجا ہے تاکہ ان کے مسائل کا حل ممکن بنایا جا سکے

علاقے میں پانی کی قلت اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے خطیر فنڈز منظور کیے گئے ہیں جن سے ترقیاتی کاموں کی تکمیل ممکن ہوگی

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ایک مقدس منصب ہے اور عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ عوام نے ہمیں ووٹ دے کر ایوان میں بھیجا ہے تاکہ ان کے مسائل کا حل ممکن بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مینگل چوک اسٹریٹ منو جان روڈ کوئٹہ میں لوکل بور اور سولر سسٹم کی تنصیب کے کام مکمل کرنے اور افتتاح کے موقع پر علاقے کے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر حاجی محمد زمان مینگل، حاجی محمد اسحاق مینگل، محمد اقبال مینگل، سردارزادہ ہارون مینگل، میر مجیب مینگل، محمد عمران مینگل، غلام دستگیر مینگل، میر ظفر شنگلوی سمیت علاقے کے معززین اور بڑی تعداد میں شہری موجود تھے۔ پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ عوام نے اپنے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں پارلیمنٹ تک پہنچایا، اب ہماری اولین ترجیح ہے کہ ان کے مسائل حل کیے جائیں۔ عوام کی خدمت ہمارا فرض اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں پانی کی قلت اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے خطیر فنڈز منظور کیے گئے ہیں جن سے ترقیاتی کاموں کی تکمیل ممکن ہوگی اور عوام کے دیرینہ مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ پارلیمانی سیکریٹری نے مزید کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے، اور ترقیاتی عمل میں شفافیت اور رفتار کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ عوام کو جلد از جلد سہولیات میسر آسکیں۔

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، فیصل جمالی

عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی تمام دستیاب وسائل کو بروکار لایا جائے گا

صحت، تعلیم اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں، جاپان پروجیکٹ کے تحت تعلیمی اداروں کی تعمیر خوش آئند اقدام ہے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی تمام دستیاب وسائل کو بروکار لایا جائے گا صحت تعلیم پینے کا صاف پانی اور بجلی کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے جاپان پروجیکٹ کے تحت تعلیمی اداروں کی تعمیر خوش آئند اقدام ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے اپنی رہائش گاہ گوٹھ شہید سردارزادہ رستم خان جمالی میں اوستہ محمد و تحصیل گنداخہ سے آئے ہوئے قبائلی عمائدین معززین شہر سے ملاقات کے موقع پر مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان کی عوامی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلا امتیاز عوام کی خدمت کر رہے ہیں ضلع اوستہ محمد کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے حلقہ انتخاب کے تمام علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا رہے ہیں جس کے لیے خطیر فنڈز مختص کی گئی ہے جس پر جلد تعمیراتی عمل شروع ہوگا جس سے عوام مستفید ہوں گے سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ کسانوں کے ساتھ ناانصافی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی فصل کاشت کرنے کے لیے زرعی پانی کی فراہمی محکمہ اریگیشن کی ذمہ داری ہے ان کا کہنا تھا کہ کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی کے لیے چیف سردار ہارون خان جمالی کی نگرانی میں میر ضرار خان محکمہ اریگیشن کے افسران کے ہمراہ مؤثر حکمت عملی کے تحت وارا بندی کے ذریعے ٹیل تک کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جا رہا ہے تاکہ کسان بہتر فصل کاشت کر سکے اور خوشحال ہو جائے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوٹھ سردار زادہ شہید رستم خان جمالی کا دورہ کیا جاپان پروجیکٹ کے این کے تعاون سے اسکول کی بلڈنگ کی تعمیراتی عمل کا معائنہ کیا اس موقع پر غیر سرکاری ادارہ کے این کے پروجیکٹ افسر منیر احمد ابڑو نے انہیں تعمیراتی کام کے بارے میں بریفنگ دی

سینئر ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر خالدہ عمر و دیگر عالمی یوم آبادی کے دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اوستہ محمد و جعفرآباد میں زرعی پانی کی قلت کیخلاف زمینداروں کا احتجاج

آبادکار سڑکوں پر نکل آئے خان پور کے مقام پر مین قومی شاہراہ پر دھرنا دے کر بیٹھ گئے پانی دو پانی دو کے نعرے سے فضا گونج اٹھی

زرعی پانی کی قلت کی وجہ سے ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی بنجر زراعت کا شعبہ غیر مستحکم ہو گیا ہے، فرہاد رند اور غلام محمد جمالی کا خطاب

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد و جعفرآباد میں زرعی پانی کی شدید قلت کے خلاف آبادکار سڑکوں پر نکل آئے خان پور کے مقام پر مین قومی شاہراہ پر دھرنا دے کر بیٹھ گئے پانی دو پانی دو کے نعرے سے فضا گونج اٹھا زرعی پانی کی قلت کی وجہ سے ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی بنجر زراعت کا شعبہ غیر مستحکم ہو گیا ہے احتجاج سے فرہاد رند غلام محمد جمالی کا خطاب تفصیلات کے مطابق استہ محمد و جعفرآباد میں زرعی پانی کی شدید قلت کے خلاف بزگر کمیٹی بلوچستان کے صوبائی صدر فرہاد رند جنرل سیکرٹری غلام محمد جمالی کی قیادت میں سینکڑوں کاشتکار خان پور کے مقام پر احتجاجاً دھرنا دے کر بیٹھ گئے دھرنے کی وجہ سے گاڑیوں کی لمبی لائنیں لگ گئی شدید گرمی میں مسافر بلبلا اٹھے دھرنے سے بزگر کمیٹی بلوچستان کے صدر کامریڈ فرہاد رند سیکرٹری جنرل غلام محمد جمالی محمد حفیظ جمالی نیشنل پارٹی کے محمد نواز بلیدی محمد ایوب مستوئی جمعیت علماء اسلام کے رہنما نصر اللہ دیناری خلیل احمد شاہ زمان جمالی و دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اریگیشن کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے زرعی پانی کا بحران پیدا ہو گیا ہے اوستہ محمد و جعفرآباد میں زرعی پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی بنجر اور چاول کی فصل کاشت کرنے کے لیے بنجر خشک و تباہ ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اس کمرتوڑ مہنگائی میں کاشت کار نان شبینہ کے محتاج ہو کر رہ گئے ہیں کامریڈ فرہاد رند نے مزید خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان اور محکمہ اریگیشن کے اعلیٰ حکام کو چاہیے زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کرنے والے افسران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ بزگر کمیٹی بلوچستان آبادکاروں کے ساتھ ظلم و ناانصافی ہرگز برداشت نہیں کرے گی ہر فورم پر آواز بلند کرے گی

پاکستان پر عائد مشروط عالمی سفری پابندیوں میں 3 ماہ کی توسیع

کراچی (بیورو رپورٹ) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے پاکستان پر عائد مشروط عالمی سفری پابندیوں میں 3 ماہ کی توسیع کر دی، فیصلہ ڈبلیو ایچ او کی ایمرجنسی کمیٹی برائے پولیو کے 42ویں اجلاس میں کیا گیا جو 18 جون کو ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوا، پولیو سے متاثرہ ممالک کے حکام نے شرکت کی، ڈبلیو ایچ او اعلامیہ میں کہا گیا اجلاس میں وائلڈ پولیو وائرس ون (WPV1) کے عالمی پھیلاؤ، بالخصوص پاکستان اور افغانستان میں جاری خطرات پر تفصیلی غور کیا گیا، ادارے نے پاکستان اور افغانستان کو پولیو وائرس کے عالمی پھیلاؤ کا مستقل خطرہ قرار دیتے ہوئے کہا دونوں ممالک کے درمیان وائرس کی منتقلی بدستور جاری ہے

کارروائی نہ کرتے تو ایران چند ہفتوں میں ایٹمی طاقت بن جاتا، ٹرمپ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے ایران کی ایٹمی طاقت بننے کی صلاحیت ختم کر دی اگر امریکہ کارروائی نہ کرتا تو ایران چند ہفتوں میں ایٹمی طاقت بن سکتا تھا، وائٹ ہاؤس میں ریسلر ٹرپل ایچ و دیگر کے ہمراہ تقریب سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا غزہ کی صورتحال خوفناک ہے، اقدامات اٹھا رہے ہیں، کینیڈا نے فلسطین کو ریاست تسلیم کرنے کا اعلان کر کے اچھا نہیں کیا، فلسطینی ریاست پر کینیڈا کا موقف ڈیل بریکر نہیں، روس یوکرین میں جو کچھ کر رہا ہے وہ بالکل قابل مذمت ہے اور اب جنگ رک جانی چاہیے۔

ای او بی آئی میں رجسٹرڈ مزدوروں کی پنشن میں 15 فیصد اضافہ

لاہور (بیورو رپورٹ) ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ میں رجسٹرڈ مزدوروں کی پنشن میں 15 فیصد اضافہ کر دیا گیا، مزدوروں کیلئے میرج گرانٹ بھی 100 فیصد بڑھا دی گئی، ڈیتھ گرانٹ میں 50 فی صد اضافہ کر دیا گیا، ترجمان مصطفیٰ ملک نے کہا وفاقی وزیر چودھری سالک مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہیں، خواہش ہے مزدوروں کو عالمی معیار کی سہولیات ملیں، مزدور معیشت کی بحالی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

PAKISTAN ENGINEERING COUNCIL

ATTENTION ENGINEERING GRADUATES OF YEAR 2024 & 2025

Have you obtained your Registered Engineer (RE) certificate from PEC? If not - now is the time!

To be eligible for PEC's flagship Graduate Engineer Trainee (GET) Placement Program starting in October 2025, all participants must be registered as REs with PEC.

This national initiative offers unemployed fresh graduates a structured, hands-on six-month industry placement, fully funded by PEC, in:

- Nation-Building Departments
- Leading Engineering Industries across Pakistan

Eligibility Condition: Only graduates with valid RE status will be considered.

Deadlines for Registration with PEC as RE:

- 2024 Graduates on or before August 31, 2025
- 2025 Graduates through your university on or before September 30, 2025

Important: This is not a call for registration to the GET Program.

This notice is exclusively about ensuring your RE registration with PEC in time. Graduates who fail to obtain RE status by the respective deadlines will NOT be eligible for participation in the GET Placement Program.

REGISTRAR
Pakistan Engineering Council (PEC)
Ataturk Avenue, G-5/2, Islamabad
Ph: 051-9214422, 9219044

PID(I)959/25

A Project by SIDDIQSONS
میونسپل کارپوریشن حب سے منظور شدہ
OCEAN DOWNTOWN
حب
کی پہلی بین الاقوامی سہولتوں سے آراستہ کمرشل مارکیٹ تین منزلہ عمارت کی تعمیر تیزی سے جاری ہے شاپنگ مارکیٹ
اور کمرشل دفاتر پر مشتمل یہ عمارت جدید سہولیات سے آراستہ ہوگی جس کا ہر پہلو عالمی معیار کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے
بلوچستان کا پہلا بین الاقوامی معیار کا کمرشل پروجیکٹ
بلاک اے کی تعمیر کے بعد بلاک بی پر کام تیزی سے جاری ہے
بکنگ اور تفصیلات کیلئے رابطہ کریں 0335-1370228 - 0853-365305

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 3 اگست 2025ء

صدر مملکت کا مستحسن عزم: بلوچستان کی ترقی، قومی ترقی کا سنگ بنیاد

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی ہے جس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن وامان، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاحی اقدامات پر تفصیلی گفتگو ہوئی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صدر مملکت کو بلوچستان میں امن واستحکام کی بحالی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ صوبائی حکومت صحت، تعلیم، اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور ان شعبوں میں متعدد منصوبے موثر انداز میں جاری ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، رفتار اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنارہی ہے تاکہ عوام تک حقیقی معنوں میں ثمرات پہنچ سکیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے عوامی خدمت کو اپنی پالیسی کا مرکز بنالیا ہے اور ہر منصوبہ عوامی مفاد کو پیش نظر رکھ کر ترتیب دیا جارہا ہے صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت اور حکومتی اقدامات کو سراہا انہوں نے بلوچستان میں قیام امن اور ترقی کے عمل کو مزید مستحکم بنانے کے لئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی کو قومی ترقی کا سنگ بنیاد سمجھتی ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کا یہ عزم اور وژن انتہائی قابل ستائش اور لائق تحسین ہے کہ قومی ترقی کا سنگ بنیاد بلوچستان کی ترقی ہے۔ بلوچستان کی ترقی سے پورے ملک کی ترقی جڑی ہے بلوچستان اہم صوبہ ہے جس کا رقبہ وسیع وعریض ہے وسائل سے بھی مالامال ہے مگر کیا کیا جائے ماضی میں مختلف وجوہات کی بناء پر یہ صوبہ تعمیر وترقی کے سفر میں پیچھے رہ گیا اس کے اثرات اور نتائج بھی ہمارے سامنے ہے تاہم اچھی بات یہ ہے کہ اب گزشتہ کچھ عرصے سے وفاق اور صوبائی حکومتیں نمایاں کام کررہی ہیں بلوچستان بھلے ماضی میں نظرانداز رہا ہو تاہم حالیہ چند برسوں میں بلوچستان پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے جس کے خاطر خواہ فوائد وثمرات سامنے آئیں گے تاہم ضروری ہے کہ سیاسی جماعتیں بھی حکومت کا ساتھ دیں ہمیں قوی امید ہے کہ بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے وفاقی اور صوبائی حکومتیں ایک پیج پر رہتے ہوئے اقدامات، کوششوں او رکاوشوں کا سلسلہ جاری رکھیں گی اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گی صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مابین گزشتہ روز ہونے والی ملاقات بلوچستان کے لئے اہمیت کی حامل ہے کیونکہ یہ ملاقات صرف رسمی بات چیت تک محدود نہیں تھی بلکہ اس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن وامان، اور ترقیاتی منصوبوں پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ صدر مملکت کا یہ عزم کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی کو قومی ترقی کا سنگ بنیاد سمجھتی ہے، ایک ایسی امید کی کرن ہے جو ماضی کی محرومیوں کو ختم کرنے اور ایک نئے دور کا آغاز کرنے کی نوید دیتی ہے۔ یہ بیان اس بات کا ثبوت ہے کہ اب وفاق اور صوبہ ایک پیج پر آکر بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہیں بلوچستان کی پسماندگی مسائل اور چیلنجز کی بحث میں ماضی کی نظراندازی اور حال کی توجہ لازمی زیر بحث آتی ہے یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ طویل عرصے تک بلوچستان کو اس کے شایان شان اہمیت نہیں دی گئی، جس کی وجہ سے یہ صوبہ ترقی کے سفر میں پیچھے رہ گیا۔ بنیادی سہولیات کا فقدان، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں پسماندگی، اور اقتصادی عدم استحکام نے یہاں کے عوام میں ایک گہرا احساس محرومی پیدا کیا۔ لیکن حالیہ چند برسوں میں صورتحال میں تبدیلی آئی ہے اور وفاقی حکومت نے بلوچستان پر خصوصی توجہ دینا شروع کی ہے سی پیک جیسے بڑے منصوبے، گوادر پورٹ کی ترقی، اور مواصلات کے بہتر نظام کی تعمیر جیسے اقدامات اس توجہ کا واضح ثبوت ہیں۔ ان منصوبوں سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہونے کی توقع ہے۔ اس کے علاوہ، وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے سیکورٹی چیلنجز کو حل کرنے کے لئے بھی سنجیدہ کوششیں جاری ہیں۔ امن وامان کی بہتر صورتحال ترقی کی بنیاد ہوتی ہے اور جب تک امن قائم نہیں ہوتا، کوئی بھی ترقیاتی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا بلوچستان کی ترقی کے لئے صرف حکومتی اقدامات کافی نہیں، بلکہ تمام سیاسی جماعتوں کا تعاون بھی ناگزیر ہے۔ یہ ضروری ہے کہ سیاسی جماعتیں اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے صوبے کی ترقی کے لئے ایک مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں۔ قومی مفاد کا تقاضا ہے کہ تمام جماعتیں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ ترقیاتی منصوبوں میں کوئی رکاوٹ نہ آئے اور ان کا تسلسل برقرار رہے۔ اس کے علاوہ، وفاقی حکومت کو بھی چاہئے کہ وہ صوبائی حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کرے اور فنڈز کی بروقت فراہمی کو یقینی بنائے۔ اس حوالے سے صدر مملکت کا یہ یقین دہانی کرانا کہ وفاق بلوچستان کی ترقی کے عمل کو مزید مستحکم بنانے کے لئے مکمل تعاون کرے گا، ایک انتہائی خوش آئند امر ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہے۔ انہوں نے صدر مملکت کو صوبے میں امن واستحکام کی بحالی، اور صحت، تعلیم اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا یہ کہنا کہ موجودہ حکومت ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، رفتار اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنارہی ہے، عوام کے اعتماد کو بحال کرنے میں مددگار ثابت ہوگا ضرورت اس امر کی ہے کہ جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے اور ان میں مزید تیزی، وسعت اور ہمہ گیریت لائی جائے۔ ترقیاتی منصوبوں کو صرف بڑے شہروں تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں تک پہنچانا ہوگا۔ مقامی آبادی کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا، خواتین کو بااختیار بنانا، اور نوجوانوں کو ہنرمند بنانا بھی اسی سلسلے کی اہم کڑیاں ہیں بلوچستان کو ایک پائیدار معاشی وترقیاتی ماڈل کی ضرورت ہے جو نہ صرف موجودہ بلکہ آنے والی نسلوں کی ضروریات کو بھی پورا کرسکے۔ اس کے لئے قدرتی وسائل کا دانشمندانہ استعمال، جدید ٹیکنالوجی کا فروغ، اور زراعت اور ماہی گیری جیسے شعبوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دینی ہوگی۔ بلوچستان کے معدنی وسائل اس کی معیشت کا ایک بڑا حصہ بن سکتے ہیں، اگر انہیں درست طریقے سے استعمال کیا جائے بلوچستان کی تعمیر وترقی کے اہداف کا حصول مشکل ضرور ہے ناممکن ہرگز نہیں اگر اسٹیک ہولڈرز مشترکہ اہداف توجہ مرکوز رکھتے ہوئے اپنی کاوشوں میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں تو بلوچستان کا روشن مستقبل زیادہ دور نہیں۔

امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدہ پاکستان پر کیسے اثرانداز ہوگا؟

تلخ حقیقت — تنویر ملک

پاکستان اور امریکہ کی ٹیرف ڈیل، کیا برآمدات بڑھیں گی؟

دسترس — میاں عمران احمد

فلسطینی ریاست کے قیام کیلئے عالمی دباؤ

گرد و پیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

امریکا اپنے مفادات کو دیکھتا ہے

قرطاس — ناصف اعوان

پاکستان مسئلہ کشمیر کے تھرڈ آپشن پر آمادہ؟

عارف بہار
Arifbahar@hotmail.com



علم پابہ زنجیر؟

خورشید ندیم

علم وتحقیق پر پابندی کسی سماج کے لیے نیک شگون نہیں ہے۔ یہ معاشرے کے فکری افلاس کی نذر کرتا ہے۔ اختلاف سے فساد پیدا نہیں ہوتا۔ فساد کا تعلق موقف سے نہیں رویے سے ہے۔ رائے کی آزادی کا حق اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے۔ انسان اس پر کیسے پابندی لگا سکتے ہیں؟

دوسرے موقف کو بھی یہ آزادی میسر ہو۔ دوسری صورت یہ ہے کہ دونوں پر پابندی لگائی جائے

توازن، توازن، توازن

شہریاراں



مسائل کے باوجود خدمات میں کمی نہیں آنے دیں گے، ندیم پانیزئی

پشین (یو این اے) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پی ایچ ای پشین ڈویژن کے ایگزیکٹو انجینئر ندیم پانیزئی نے کہا ہے کہ تمام تر مشکلات کے باوجود عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کا عمل تسلسل سے جاری ہے، یہ صرف ایک انتظامی ذمہ داری ہی نہیں بلکہ ایک نیکی و کارثواب بھی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف عوامی وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ندیم پانیزئی نے کہا کہ پشین میں زیرزمین پانی کی سطح تشویشناک حد تک نیچے جا چکی ہے، جو نہ صرف محکمہ بلکہ عوام کے لیے بھی ایک لمحہ فکریہ ہے۔

منشیات فروشوں کو عبرت کا نشان بنائیں گے، گل حسن چندرانی

سونمیانی ونڈر (یو این اے) ونڈر پولیس تھانے کے نئے تعینات ایس ایچ او انسپکٹر گل حسن چندرانی نے انتخاب آفس ونڈر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے صحافیوں میر اللہ الفت، زبیر بلوچ، دریا خان انگاریہ، کامران کونگ، رفیق بلوچ اور تنویر حفیظ سے علاقائی مسائل پر تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر صحافیوں کی جانب سے پولیس ٹیم کے اعزاز میں ٹی پارٹی کا بھی اہتمام کیا گیا۔ ایس ایچ او گل حسن چندرانی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاقے سے منشیات، جرائم اور دیگر سماجی برائیوں کے خاتمے کے لیے سخت موقف اپنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعدد منشی افراد کو تھانے لایا گیا جنہوں نے منشیات فروشوں کے مکمل کوائف فراہم کر دیے ہیں

حب، ناقص پیمائش پر پمپ سیل کر دیا گیا، سیف علی مغل

ڈپٹی کمشنر نثار لانگو کی ہدایت پر شہر کے پمپوں کا معائنہ کیا گیا

شہریوں کو دھوکہ دینا اور منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

حب (یو این اے) ڈپٹی کمشنر حب نثار احمد لانگو کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب سیف علی مغل نے شہر میں واقع متعدد پاکستانی پیٹرول پمپوں کا اچانک معائنہ کیا۔ اس دوران ناپ تول کے پیمانوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا، جس کے نتیجے میں ایک پیٹرول پمپ کے دو یونٹس میں پیمائش میں واضح گڑبڑ پائی گئی۔ متعلقہ پمپ کے دونوں یونٹس کو موقع پر ہی سیل کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیف علی مغل نے معائنے کے دوران میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو دھوکہ دینا، کم ناپ تول کے ذریعے غیر قانونی منافع کمانا اور صارفین کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ مستقبل میں کسی کو ایسی جرات نہ ہو۔ انہوں نے پٹرول پمپ انتظامیہ کو وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام پمپ مالکان اپنی پیمائش کے آلات کی باقاعدہ جانچ کروائیں اور قانون کے مطابق درست ناپ تول کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انتظامیہ کی جانب سے اس طرح کے سرپرائز وزٹس کا سلسلہ جاری رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے تاکہ حب کے شہریوں کو معیاری اور مکمل مقدار میں ایندھن کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور کسی بھی قسم کی بدیانتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ شہریوں نے انتظامیہ کے اس بروقت اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اس طرح کی کارروائیوں سے ناجائز منافع خوری پر قابو پایا جا سکے گا اور عوام کا اعتماد بحال ہوگا۔

میزئی اڈہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے علاؤالدین خان کوکول ایکسین واپڈا سے ملاقات کر رہے ہیں

زائرین پر پابندی کے خلاف مجلس وحدت مسلمین کا احتجاجی مظاہرہ

حب (یو این اے) مجلس وحدت مسلمین پاکستان کی مرکزی قیادت کی کال پر حب میں زائرین پر عائد پابندیوں کے خلاف شدید احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے کی قیادت مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے رہنما سید قربان علی شاہ نے کی، جو بلدیہ ریسٹ ہاس کے سامنے منعقد ہوا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر زائرین کے حقوق کے حق میں اور پابندیوں کے خلاف نعرے درج تھے۔ مظاہرین نے پرامن طور پر احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر زائرین پر عائد غیر اعلانیہ رکاوٹوں کو ختم کرے اور ان کے آئینی، مذہبی و انسانی حقوق کی ضمانت فراہم کرے۔

بیلہ میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

اوتھل (این این آئی) تاریخی اور پرامن شہر بیلہ میں حالیہ دنوں کے دوران گن پوائنٹ پر ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں خطرناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ جس سے شہری عدم تحفظ کا شکار، تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب گرلز کالج روڈ پر نامعلوم مسلح ملزمان نے ایک شہری کو اسلحہ کے زور پر روک کر اس سے ہنڈا 125 موٹر سائیکل اور موٹر سائیکل سوار اور اس کے دوست سے دو موبائل فون چھین لیے اور واردات کے بعد با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق، واردات اتنی تیزی سے ہوئی کہ ارد گرد موجود لوگ کچھ بھی نہ کر سکے۔ اس واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس کی فضا مزید گہری ہو گئی ہے

شیرانی، کمشنر ژوب ڈویژن سید زاہد شاہ ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ضلعی آفیسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نصیرآباد، یوم استحصال کشمیر جوش سے منایا جائے گا، منیر احمد کاکڑ

یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ضلع بھر میں خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں گی

کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی نکالی جائے گی، ڈی سی

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکریٹری بلوچستان کے احکامات اور کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایات کی روشنی میں ضلع نصیرآباد میں یوم استحصال کشمیر بھرپور قومی جوش و جذبے سے منایا جائے گا۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر آفس سے ایک بڑی ریلی نکالی جائے گی جس میں ضلعی افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔ ریلی کا مقصد مظلوم کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی مظالم کی مذمت کرنا ہے۔ اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا بھی انعقاد کیا جائے گا، جس کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ تقریب میں کشمیری عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا اور عالمی برادری کو یہ پیغام دیا جائے گا کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے حق خود ارادیت کی حمایت میں متحد ہے۔ اسی سلسلے میں مختلف سرکاری و نجی اسکولوں میں بھی یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے خصوصی تقاریب، تقریری مقابلے اور آگاہی پروگرام منعقد کیے جائیں گے تاکہ نئی نسل کو کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں سے روشناس کرایا جا سکے۔ پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ کل بھی کھڑی تھی، آج بھی ہے اور حق خودارادیت کی اس جدوجہد میں ہمیشہ ان کا ساتھ دے گی۔

نوابزادہ میر زرین مگسی کا بیلا کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ

بیلا (یو این اے) پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے بیلا میں مصروف دن گزارا، جہاں انہوں نے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا اور معززین کے وفود سے ملاقاتیں کیں۔ نوابزادہ زرین مگسی خانخیلی گوٹھ لویانی پہنچے جہاں ان کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں مقامی معززین، امام بخش عرف ڈیمن، خیر محمد خانخیلی، شیر محمد خانخیلی، عبدالستار خانخیلی، زکریا مینگل و دیگر نے پرتپاک استقبال کیا اور علاقے کی سماجی و ثقافتی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ نوابزادہ زرین مگسی نے عوامی مسائل غور سے سن کر ان کے حل کی یقین دہانی کروائی اور کہا کہ حکومت بلوچستان سیاحت، ترقی اور عوامی فلاح کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں، جام پلس شریش پٹ میں چیئرمین لاکھڑا وڈیرہ مولا بخش گنگو، سردار رفیق مانگیہ، سردار غلام رسول موسیانی و دیگر معززین نے نوابزادہ زرین مگسی سے ملاقات کی اور علاقائی مسائل سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران نوابزادہ زرین خان مگسی نے ڈپٹی کمشنر لسبیلا حمیرا بلوچ اور ایکسین بی اینڈ آر لسبیلا کے ہمراہ بیلا میں جاری منصوبوں جیسے قرآن اکیڈمی، فٹسال گراؤنڈ، جمنازیم، تیس بستروں کا اسپتال اور بوائز اسکول کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں اور ٹھیکیداروں کو ہدایت دی کہ تمام تعمیراتی کام معیاری اور جلد مکمل کیے جائیں تاکہ عوام بروقت مستفید ہو سکیں۔

عوامی اشتہار

MASHRIQ CLASSIFIED

گمشدگی شناختی کارڈز

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440143238389 بنام ابراہام لطیف جان ولد الیاس لطیف جان کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03138491157 پر مطلع کریں۔
The Executive Engineer Patfeeder Canal Division invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates. Bid Security for each work is 2% of the estimated cost. Tender Fee Rs.1500/- for each work.

S.No	Name of work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BUNDS FOR VILLAGE KHALID HUSSAIN DISRICT NASEERABAD PSDP NO.2691 [2025-26] **TSE-252607797893**	20.00 M
2	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BUNDS FOR VILLA GHULAMRASOOL LEHRI TEHSIL LANDHI DISTRICT NASEERABAD, PSDP NO.2786[2025-26] **TSE-252607797923**	20.00 M
3	CONSTRUCTION OF INLET STRUCTURE AND PROTECTION BUNDS AT RABI CANAL 3 DISTRICT NASEERABAD PSDP NO.2641 [2025-26] **TSE-252607796933**	49.00 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work. Turn over of at least 70% Of the Estimated Cost Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Registration with Pakistan Engineering council In Relevant Category And Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation &Flood Control Systems). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signedfrom a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **18 August,2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **18 August,2025 till 11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** Executive engineer Pat Feeder Canal at Dear Murad Jamali **Phone no:** 0838710533 **Fax no:** 0838710533
Email: engribrahimmengal940@gmail.com

Executive Engineer Patfeeder Canal Division Dera Murad jamali

PRQ No.392/01-8-2025

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Assistant Director Local Govt, Mastung invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee Rs.2000/- and Bid Security 3% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	PROVISION OF SOLAR SYSTEM STREET LIGHTS , TUFF TILES, PCC & SIDE DRAINS AT KAREZ KANDHKI PRINGABAD AND KAREZ AYESHA PRINGABAD MASTUNG. TSE-252607793193	35,000,000
2	PROVISION OF SOLAR SYSTEM STREET LIGHTS , TUFF TILES, PCC & SIDE DRAINS AT KILLI GILKAND & KILLI KHAWASAM MASTUNG. TSE-252607791863	35,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 24,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 3% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **15 August, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **15 August, 2025 till 10:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **11:00 AM**
Address: Mastung **Phone no:** 0843895415
Email: Khalidalibuledigmail.com

Assistant Director Local Govt, Mastung

PRQ No.375/01-8-2025

بقیہ 1 — محکمہ داخلہ کا اعلامیہ

اور وطن واپس جانے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ 30 جون 2025 کو پی او آر کارڈز کی مدت ختم ہو چکی ہے، جس کے بعد ان افغان شہریوں کا پاکستان میں قیام غیر قانونی تصور کیا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق، پاسپورٹ اور ویزا کے بغیر موجود افغان شہریوں کا قیام کسی بھی صورت قانونی حیثیت نہیں رکھتا، اور 30 جون کے بعد سے ایسے تمام افراد غیر قانونی تارکین وطن شمار ہوں گے۔ محکمہ داخلہ نے پی او آر کارڈ ہولڈرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر پشاور اور لنڈی کوتل کے ٹرانزٹ پوائنٹس پر پہنچیں تاکہ وطن واپسی کا عمل باقاعدگی سے مکمل کیا جا سکے۔ محکمہ داخلہ کے اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ وزارت داخلہ نے 31 جولائی 2025 کو پی او آر کارڈ ہولڈرز کی وطن واپسی کا حتمی فیصلہ کیا تھا، جس کے تحت اب ان کے پاکستان میں مزید قیام کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سرکاری حکم نامے کے مطابق، ان ہدایات پر عملدرآمد کا آغاز فوری طور پر کر دیا گیا ہے۔ کوئٹہ میں ایک سینئر سرکاری افسر عبد اللہ نے بتایا کہ 'ہمیں ہوم ڈیپارٹمنٹ (وزارت داخلہ) کی جانب سے ہدایت موصول ہوئی ہے کہ تمام افغان باشندوں کی واپسی کیلئے ایک نئی مہم کا آغاز کیا جائے، جو عزت اور نظم کے ساتھ مکمل ہو۔' چمن میں تعینات ایک سینئر حکومتی اہلکار حبیب بنگلزئی نے جمعے کے روز بتایا کہ 'چمن بارڈر پر تقریباً 4 سے 5 ہزار افغان شہری واپس جانے کے منتظر تھے۔' سرحد پار افغانستان کے صوبہ قندھار میں مہاجرین کی رجسٹریشن کے سربراہ عبداللطیف حکیمی نے بھی اس بات کی تصدیق کی کہ افغان شہریوں کی واپسی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اسی دوران حکومت پاکستان نے تمام سرحدی تجارتی پوائنٹس پر ان افغان مال بردار گاڑیوں کا داخلہ بھی بند کر دیا ہے جن کے ڈرائیوروں کے پاس درست ویزے موجود نہیں۔ وزارت تجارت کے مطابق، افغان ڈرائیوروں کو ویزا حاصل کرنے کیلئے ایک سال کی مہلت دی گئی تھی جو اب مکمل ہو چکی ہے۔ دوسری جانب کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس میں شہر میں مقیم غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کارروائی کو تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ "پروف آف رجسٹریشن" (پی او آر) کارڈز رکھنے والوں کو 31 جولائی تک اپنی رہائش قانونی بنانا تھی۔ اب جب کہ مہلت ختم ہو چکی ہے، تو ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا۔

بقیہ 2 — ایرانی صدر

گئے، ان کے دورے کا مقصد پاکستان کے ساتھ سالانہ دوطرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے عزم کی تجدید کرنا ہے۔ اطلاعات کے مطابق معزز مہمان کی اسلام آباد آمد پر وزیراعظم شہباز شریف نے ایئرپورٹ پر ان کا استقبال کیا، ایرانی صدر کے استقبال کے لیے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موقع پر موجود ہیں۔ مسعود پزشکیان کو ریڈ کارپٹ استقبال کے ساتھ ساتھ 21 توپوں کی سلامی بھی پیش کی گئی۔ ایرانی صدر اپنے پہلے دورہ پاکستان میں لاہور پہنچے، ان کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا وفد بھی پاکستان آیا ہے، جہاں ان کا استقبال سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کیا، پنجاب حکومت کے اعلیٰ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ایران کا وفد شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے مزار پر حاضری دی، لاہور بھر میں سیکیورٹی کے سخت اقدامات کیے گئے۔ حال ہی میں پاکستان نے ایران کے ساتھ یکجہتی اور تعاون کے جذبے کا اظہار کیا، جسے ماہرین موجودہ بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی حالات میں مشترکہ مفادات کے تحفظ کے لیے نہایت اہم قرار دے رہے ہیں۔ ایران کے صدر نے مسعود پزشکیان نے کہا کہ تہران اور اسلام آباد کے درمیان تجارتی تعلقات کو اچھے قرار دیا اور کہا کہ اس دورے کی ترجیحات میں پاکستان کے ساتھ زمینی، فضائی اور سمندری راستوں کے ذریعے تجارت کو بڑھانا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ذریعے ایران، چین پاکستان راہداری کے ذریعے شاہراہ ریشم سے جڑ سکتا ہے اور یہ راستہ ایران سے ہوتے ہوئے یورپ تک جا سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ایران اور پاکستان دونوں کے لیے سیکیورٹی اور سرحدی مسائل انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، اور خطے میں امن و استحکام تعاون کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر پزشکیان نے کہا کہ دونوں ممالک نے پاکستان کی آزادی کے بعد سے دوستانہ، خوشگوار اور گہرے تعلقات قائم رکھے ہیں، یہ دونوں ممالک اقتصادی، سائنسی، ثقافتی اور سرحدی شعبوں میں تعاون کرتے ہیں، اور دونوں اقوام کے درمیان گہرا رشتہ موجود ہے۔ مسعود پزشکیان نے یہ بھی کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ دوطرفہ تجارت کا حجم 10 ارب ڈالر تک پہنچے، پاک ایران اسلامی اتحاد کو نقصان پہنچانے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔ واضح رہے کہ پاکستان کی وزارت خارجہ کے جاری اعلامیے کے مطابق ایرانی صدر کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھی آ رہا ہے، جس میں ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی، دیگر سینئر وزرا اور اعلیٰ حکام شامل ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا بطور ایرانی صدر یہ پہلا سرکاری دورہ پاکستان ہے، اسرائیلی جارحیت کے بعد یہ ان کا پہلا غیر ملکی دورہ ہے، اس سے قبل شہباز شریف نے رواں برس 26 مئی کو ایران کا دورہ کیا تھا، یہ دورہ پاکستان اور ایران کے مابین برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنائے گا۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی، یہ ملاقات دفتر خارجہ میں ہوئی، ملاقات میں پاک ایران وزرائے خارجہ کا دوطرفہ روابط اور تعلقات کو مزید فروغ دینے کا عزم کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی، ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی، یہ ملاقات دفتر خارجہ اسلام آباد میں ہوئی، ملاقات میں پاک ایران وزرائے خارجہ کا دوطرفہ روابط اور تعلقات کو مزید فروغ دینے کا عزم کیا گیا جبکہ دونوں جانب سے اقتصادی تعاون، علاقائی استحکام، تجارت اور معاشی تعاون کو فروغ دینے کا اعادہ۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاک ایران وزرائے خارجہ نے باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ واضح رہے کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی صدر مسعود پزشکیان کے وفد کا حصہ ہیں جو اس وقت پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے ہیں

بقیہ 3 — فیلڈ مارشل

، بابیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا سید عاصم منیر کے ملتان گیریژن کے دورے میں فارمیشن کی عملی تیاریوں اور جاری تربیتی سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی، فیلڈ مارشل نے جوانوں کے اعلیٰ جذبے، پیشہ ورانہ مہارت، جنگی صلاحیت کو سراہا، قومی خودمختاری اور سرحدی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاک فوج کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا، فیلڈ مارشل کا علمی و سماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ گفتگو کا سیشن بھی ہوا، سید عاصم منیر نے قومی یکجہتی، سول ملٹری ہم آہنگی اور بابیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے تمام طبقات کی مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا، جدید ریڈار، الیکٹرانک وارفیئر اور نائٹ سٹرائیک کی صلاحیت سے لیس ہیلی کاپٹرز نے منظفر گڑھ فائرنگ رینج میں فائر پاور کا مظاہرہ کیا، فیلڈ مارشل نے مشترکہ ہتھیاروں کی حکمت عملی کے کامیاب مظاہرے کو سراہا۔

بقیہ 4 — کسان اتحاد

کلب میں کسان اتحاد کے چیئرمین خالد باٹھ نے سندھ آباد گار اتحاد کے صدر زبیر تالپور کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے کہا 11 اگست کو قصور میں ڈی سی آفس کے باہر زراعت کا علامتی جنازہ پڑھا جائے گا، 20 اگست کو حیدر آباد پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا جائے گا، تمام صوبوں میں احتجاج کے بعد اسلام آباد کا رخ کریں گے اب گندم کی کاشت سے قبل احتجاج کریں گے، احتجاج سے سیاسی جماعتوں کا کوئی تعلق نہیں، 2 سال میں گندم کاشت کرنے کی لاگت 4 ہزار روپے رہی، 2200 روپے کی گندم خریدی گئی، کسان فرانزک آڈٹ کیلئے تیار ہیں، خالد باٹھ نے کہا حکومت 45 فیصد ٹیکس کا مطالبہ کرتی ہے، منافع ہی نہیں کما رہے تو ٹیکس کہاں سے دیں، اگر حکومت نے گندم کی کاشت سے قبل گندم کا ریٹ مقرر نہ کیا تو وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ سے بات چیت کریں گے اگر پھر بھی ریٹ نہ دیا گیا تو 11 اگست کو پنجاب بھر میں احتجاج کیا جائے گا اور 20 اگست کو سندھ بھر میں احتجاجی تحریک شروع ہوگی، 2 سال سے گندم کے ریٹ کا تعین نہیں کیا، رواں سال حکومت کو 15 سے 20 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنی پڑے گی اور موسمیاتی تبدیلی بھی ہر سال فصلوں کو تباہ کر رہی ہے، مودی حکومت نے کوئی ڈیم بنانے کی کوشش کی تو کسان تنظیمیں پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہوں گی

بقیہ 5 — زلزلہ

محسوس کیے گئے۔ سوات، شانگلہ، بونیر اور مالاکنڈ میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ مانسہرہ، بٹگرام، کوہستان، مری، جہلم، آزاد کشمیر کے بھی مختلف شہروں میں زلزلہ آیا۔ زلزلے کے جھٹکے رات 12 بج کر 10 منٹ پر محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5 اعشاریہ 1 ریکارڈ کی گئی جبکہ زلزلے کی زیر زمین گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز نے بتایا کہ زلزلے کا مرکز روات سے جنوب مشرق میں 15 کلومیٹر پر تھا۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز بھی اسلام آباد اور پنڈی سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں 5.4 کی شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا تھا۔

بقیہ 6 — علیمہ خان

جیل کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا میرٹ کی بات ہو تو مشال یوسفزئی کے علاوہ اور بہت لوگ کوالیفائی کرتے ہیں، انصاف ہونا چاہیے تھا میں یہی کہوں گی، مشال یوسفزئی کا سینیٹر بننا میرٹ کے برخلاف ہے، علیمہ خان نے کہا عمران خان سے پوچھا گیا کیا آپ کے بچے آ رہے ہیں، انہوں نے کہا تحریک چلانے کیلئے والد ہی کافی ہے، بانی نے اپنے بچوں کو پاکستان آنے سے نہیں روکا یہ جھوٹ ہے، افغانستان کیساتھ تعلقات اچھے رکھنے چاہئیں۔

بقیہ 7 — عمران خان

میں پیش کیا گیا، توشہ خانہ ٹو کیس میں گواہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیب آفتاب احمد کا بیان قلم بند کر لیا گیا، بشریٰ کے وکیل ارشد تبریز نے گواہ آفتاب احمد پر اپنی جرح مکمل کی، بانی پی ٹی آئی کے وکیل قوسین مفتی آئندہ سماعت پر گواہ آفتاب احمد پر جرح کریں گے، عدالت نے مزید 2 گواہوں رابعہ اور رضا کو بیان ریکارڈ کرانے کیلئے طلب کرتے ہوئے مزید سماعت 6 اگست تک ملتوی کر دی، ادھر عمران خان نے کہا ایک گھنٹے سے زائد بچوں سے بات ہوئی، اخبارات بھی ملے اور ٹی وی بھی آن ہے، بچے صرف مجھ سے ملنے پاکستان آئیں گے، سیاست یا احتجاجی تحریک کا حصہ نہیں بنیں گے، گزشتہ روز فون پر بات کر کے معلوم ہوا بچوں کا نائیکوپ ایکسپائر ہوا ہے، میں نے کبھی نہیں کہا بچے احتجاجی تحریک کیلئے پاکستان آئیں گے، ذرائع کے مطابق عمران خان نے مشال یوسفزئی کے سینیٹر بننے پر علیمہ خان کے بیان کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے کہا علیمہ خان کو سیاسی بات نہیں کرنی چاہیے، علی امین گنڈاپور اگر صوبے میں امن و امان قائم نہیں کر سکتے تو استعفیٰ دے دینا چاہیے، علی امین گنڈاپور اگر گورننس کے مسائل حل نہیں کر سکتا تو کسی اور کو موقع دینا چاہیے۔

بقیہ 8 — ریکوڈک

3 ارب ڈالر سے کہیں زیادہ ہے، ذرائع کے مطابق مالی معاونت کی پیشکش کرنیوالے اداروں میں ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB)، اسلامی ترقیاتی بینک (IDB)، انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (IFC)، یو ایس ایکزم بینک، جرمنی اور ڈنمارک کے ادارے شامل ہیں، ذرائع کے مطابق منصوبے کا مالی بندوبست حتمی مراحل میں ہے جبکہ پیٹرولیم کے وفاقی وزیر علی پرویز ملک سپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل کی مدد سے منصوبے کو تیزی سے آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، یو ایس ایکزم بینک نے منصوبے کیلئے بغیر کسی حد کے مالی تعاون فراہم کرنے کی پیشکش کی،

بقیہ 9 — لکی مروت

کو باہر ویرانے سے مارٹر گولہ ملا، گھر لے آئے، کھیل کے دوران گولہ پھٹ گیا، جاں بحق افراد میں 4 بچیاں اور ایک بچہ شامل ہیں، دھماکے سے گھر میں موجود مرد و خواتین سمیت 13 افراد زخمی بھی ہو گئے، ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں۔

بقیہ 10 — سلمان اکرم راجہ

جنرل سلمان اکرام راجہ نے کہا 5 اگست کو کسی کو اسلام آباد نہیں بلایا، احتجاج گلی کوچوں تک محدود ہوگا اور صوبائی قیادت اپنے اپنے صوبوں میں اپنے طریقے سے احتجاج کرے گی، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، شبلی فراز اور دیگر ارکان کی سزاؤں اور نااہلی کے خلاف اپیل دائر کریں گے اور اپیل کے آگے اس قسم کا فیصلہ ٹھہر نہیں رہ سکے گا۔

بقیہ 11 — چینی بحران

کراچی پہنچنے کا امکان ہے، شوگر ملز کو کرشنگ سیزن یکم نومبر سے ہر حال میں شروع کرنے کی ڈیڈ لائن دے دی گئی، ذرائع کے مطابق حکومت نے شوگر ملز مالکان کی جانب سے چینی کی ایکس مل پرائس بڑھانے کے مطالبے کا جائزہ لیا ہے تاکہ وہ کرشنگ سیزن وقت پر شروع کریں اگر ملز نے سیزن بروقت شروع نہ کیا تو چینی کی درآمدات میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔

بقیہ 12 — ٹرمپ کی دھمکی

کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ یہ بیان اس وقت آیا جب صدر ٹرمپ نے بھارت کو روس سے تیل خریداری نہ روکنے کی صورت میں اضافی پابندیوں کی دھمکی دی تھی۔ امریکی صدر ٹرمپ نے جمعہ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا، جو میں نے سنا ہے، بھارت اب روس سے تیل خرید نا بند کر دے گا۔ میں نہیں جانتا کہ یہ درست ہے یا نہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ اچھا قدم ہوگا۔

بقیہ 13 — اٹیک ہیلی کاپٹر

تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ملتان گیریژن کے دورے کے موقع پر پاک فوج کے بیڑے میں جدید Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر شامل کیا گیا، جدید Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر ہر موسم میں اور رات میں بھی درست نشانہ لگانے کی صلاحیت رکھتا ہے، جدید نظام کی شمولیت پاک فوج کی ایوی ایشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم سنگ میل ہے، چین کے تیار کردہ جدید Z-10ME اٹیک ہیلی کاپٹر امریکی ساختہ اپاچی ہیلی کاپٹر کے ہم پلہ قرار دیا جا رہا ہے، پاک آرمی ایوی ایشن کے ٹرائل کے نتیجے میں چین نے زیڈ 10 ہیلی کاپٹر ستمبر 2018 میں کچھ اپ گریڈز کے بعد Z-10ME ہیلی کاپٹر ایکسپورٹ ورژن کے طور پر متعارف کرایا، ہیلی کاپٹر میں نئے ملی میٹر ویو ریڈار، نئے ونگز اور پروڈکشن کے علاوہ الیکٹرانک تبدیلیاں کی گئیں

بقیہ 14 — آصفہ بھٹو

پرائمری اور سیکنڈری درجے کے سکول میں لائبریریز، لیبارٹریز سمیت جدید ترین سہولیات ہوں گی، آصفہ بھٹو زرداری کے ہمراہ سکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کے تحت گرلز سکول کے سنگ بنیاد کے موقع پر صوبائی وزیر عذرا پیچوہو بھی موجود تھیں، آصفہ بھٹو زرداری نے کہا شہید بینظیر آباد میں لڑکیوں کیلئے جدید سکول کی تعمیر سندھ حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کا تسلسل ہے، پیپلز پارٹی نے سندھ میں شعبہ صحت اور شعبہ تعلیم پر توجہ دی جس کے مثبت نتائج سب کے سامنے ہیں، صحت و تعلیم کا بہترین انفراسٹرکچر کسی بھی خطے کی قسمت کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ 15 — دہشتگردی کا خطرہ

ہے، احکامات اسرائیلی نیشنل سیکیورٹی کونسل کی جانب سے تھائی لینڈ میں مقیم اسرائیلیوں کیلئے سفری احتیاط کو مزید سخت کرنے کی ہدایات کے بعد جاری کیے گئے۔

بقیہ 16 — رافیل طیارے

تصدیق کی گئی، خبر ایجنسی نے کہا 7 مئی کی رات پاکستان ایئرفورس کے ریڈار پر بھارتی طیارے نمودار ہوئے، ریڈار سگنل ملتے ہی ایئر چیف مارشل ظہیر سدھو نے بے 10 سی اڑانے کا حکم دیا، ظہیر سدھو نے رافیل کو نشانہ بنانے کے خصوصی احکامات جاری کیے وہ کئی روز سے کنٹرول روم میں سوتے تھے، فضائی لڑائی میں دونوں جانب سے 110 لڑاکا طیارے حصہ لے رہے تھے، دہائیوں بعد ہونیوالی سب سے بڑی فضائی لڑائی تھی، رپورٹ میں انکشاف کیا گیا رافیل کے بارے میں غلطی بھارتی انٹیلیجنس کی تھی رافیل کی نہیں، بھارتی پائلٹوں کو توقع نہیں تھی اتنی دور سے بھی نشانہ بن سکتے ہیں، پی ایل 15 میزائلوں نے 200 کلومیٹر دور سے بھارتی طیاروں کو مار گرایا، پاکستانی ایئرفورس نے ملٹی ڈومین آپریشن کے ذریعے کِل چین ترتیب دی، پاکستان نے ایئر، لینڈ اور اسپیس سنسرز کو ایک دوسرے سے منسلک کیا، جے 10 سی طیارے ریڈار طیاروں سے براہ راست معلومات لے رہے تھے، پاکستانی طیارے اپنے ریڈار آف کر کے بھارتی سرحد کے قریب پرواز کر رہے تھے، ریڈار آف ہونے کے باعث پاکستانی طیارے بھارتی ریڈار پر نظر نہیں آئے۔

بقیہ 17 — ضمانت خارج

خارج کر دی، درخواست ضمانت عدم پیروی کے باعث خارج کی گئی، عمر ایوب اور زرتاج گل کے وکیل کی طرف سے درخواست پیش کی گئی، درخواست میں موقف اختیار کیا عمر ایوب اور زرتاج گل بیماری کے باعث پیش نہیں ہو سکتے، عدالت نے عمر ایوب اور زرتاج گل کی درخواست منظور کرتے ہوئے ضمانت میں 15 اگست تک توسیع کر دی۔

بقیہ 18 — اسلام آباد ایکسپریس

گیا تھا، پاک بزنس ایکسپریس واشنگ لائن کے قریب حادثے کا شکار ہوئی۔

بقیہ 19 — نوشکی پولیس

آپریشن شروع کر دیا جبکہ بم ڈسپوزل اسکواڈ نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق تحقیقات جاری ہیں اور حملہ آوروں کی تلاش کے لیے مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ 20 — بیٹا قاسم

جو والد کی رہائی کیلئے کیس پر کوئی فرق ڈال سکتے ہیں، برطانوی صحافی پیئرز مورگن کو خصوصی انٹرویو میں قاسم خان نے کہا والد کی رہائی کیلئے ٹرمپ کے قریبی ساتھی رچرڈ گرینل سے بھی ملاقات کی جو سوشل میڈیا پر عمران خان کی رہائی کیلئے متحرک رہے ہیں، جانتے ہیں والد اور صدر ٹرمپ کے درمیان ماضی میں خوشگوار تعلقات تھے، دونوں اقتدار میں تھے تو زبردست ہوتی رہی، دونوں ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں اگر ٹرمپ کوئی بیان جاری کریں یا پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ سے کسی سطح پر رابطہ کریں تو عمران خان کی رہائی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، قاسم خان نے کہا اپنے والد سے آخری بار ملاقات کیے 3 سال ہو چکے، 4 ماہ سے کوئی بات چیت بھی نہیں ہو پائی، قاسم نے صورتحال کو "انتہائی تکلیف دہ" قرار دیتے ہوئے کہا پہلے اپنے والد سے باقاعدگی سے رابطے میں رہتے تھے لیکن اب مجھے اور بھائی کو مسلسل خاموشی کا سامنا ہے، پاکستان واپس جانے کی خواہش ظاہر کی تو حکومت، خاندان کے افراد و دیگر ذرائع نے خبردار کیا گیا گرفتاری عمل میں آ سکتی ہے، ویزا کیلئے کوشاں ہیں، درخواست دی لیکن تاحال کوئی جواب نہیں ملا، دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے۔

بقیہ 21 — ہیپاٹائٹس

ٹیسٹ کیا جاتا ہے، اڈیالہ جیل میں معمول کے مطابق قیدیوں کا طبی معائنہ کیا جاتا ہے، کوئی قیدی وائرل بیماری میں مبتلا پایا جائے تو قیدیوں سے الگ کیا جاتا ہے۔

بقیہ 22 — کراچی کے ہوٹلوں

کے ہوٹلوں کے خلاف ایک ممکنہ خطرے کی رپورٹ موصول ہوئی، الرٹ کے تحت امریکی قونصل خانہ کراچی نے ہوٹلوں میں سرکاری امریکی اہلکاروں کی سرگرمیوں (دوروں اور محفلوں) کو عارضی طور پر محدود کر دیا، محکمہ خارجہ نے کہا بعض اوقات خطرے کی اطلاعات موصول ہونے پر غیر ممالک میں بھی سیاحتی مقامات، ہوٹل، بازار، شاپنگ مال اور ریسٹورنٹس کو امریکی سرکاری اہلکاروں کیلئے ممنوع قرار دیدیا جاتا ہے۔

بقیہ 23 — ایف آئی اے

زونل سطح پر ڈائریکٹرز اور ایڈیشنل ڈی جیز بھی احتساب کیلئے بااختیار ہوں گے۔

بقیہ 24 — ریڈار سسٹم

گزر گیا، چین کے سرکاری میڈیا کے مطابق پرواز ایسے علاقے سے ہوئی جہاں امریکی، جاپانی اور جنوبی کوریائی ریڈار سسٹم کا گہرا جال بچھا ہے، طاقتور تھاڈ اینٹی میزائل سسٹم بھی شامل ہے، دفاعی ماہرین نے کہا اگر چین کا دعویٰ درست ہے تو مغربی فضائی دفاع کی بڑی ناکامی ہے

بقیہ 25 — احسن اقبال

اور ہر دور میں نئی توانائی کے ساتھ مضبوط تر ہوتی جا رہی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے نائب وزیر خارجہ سن ویڈونگ سے ملاقات کے دوران کیا، قبل ازیں چینی نائب وزیر خارجہ نے وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کا پرتپاک استقبال کیا

بقیہ 26 — بائیومیٹرک سروے

ایک ارب لگایا گیا، حکام کے مطابق ٹیبلیٹس کی خریداری کیلئے جلد کنٹریکٹ ایوارڈ کر دیا جائے گا، سروے سے حکومت مستحق افراد کی ڈیجیٹل سسٹم سے نشاندہی، تصدیق کرے گی۔

بقیہ 27 — وارنٹ گرفتاری

اشتہاری قرار دیتے ہوئے وارنٹ جاری کر دیے، انسداد دہشت گردی عدالت نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے مقدمہ میں کوئی ملزم پیش نہ ہونے کی وجہ سے سماعت 8 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 28 — آئی ایس پی آر

کی ویڈیو میں بھارت کیخلاف بنیان المرصوص آپریشن اور معرکہ حق کی جھلکیاں بھی شامل ہیں، ویڈیو میں دکھایا گیا کس طرح پاک فوج نے دشمن ملک کے بزدلانہ حملوں کی کارروائیوں کا دلیرانہ جواب دیا، دل سے پاکستان کی ویڈیو میں پاکستان کے تمام صوبوں کے ثقافتی رنگ اور نوجوانوں کی حب الوطنی کو بھی دکھایا گیا۔

سوئی میں بارودی سرنگ کی زد میں آکر 2، دیگر واقعات میں 5 ہلاک، 2 زخمی

لجو سغاری میں بارودی سرنگ دھماکے کے نتیجے میں کھیتوں میں کام کرنے والے دشو خان جاکرانی اور زاہد جاکرانی نگٹی موقع پر ہی دم توڑ گئے

خاران میں پنکچر کی دکان میں سلنڈر پھٹنے سے لعل بخش ومحمد یاسین ہلاک اور تربت میں فائرنگ سے شیر جان قتل

جھل مگسی سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد، جیکب آباد جانے والی ویگن کی چھت سے گر کر نوجوان ہلاک، مچھ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص زخمی

کوئٹہ+اندرون صوبہ (سٹی رپورٹر، نمائندے) ضلع ڈیرہ بگٹی تحصیل سوئی کے علاقے یارویٹ لجو سغاری میں بارودی سرنگ دھماکے کی زد میں آکر 2 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا لیویز حکام کے مطابق گزشتہ روز سوئی کے علاقے لجو سغاری میں کھیتوں میں کام کرنے والے تین افراد بچھائی گئی بارودی سرنگ دھماکے کی زد میں آگئے دھماکے سے 2 افراد دشو خان جاکرانی اور زاہد جاکرانی بگٹ........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر پھول رکھ رہے ہیں

نوشکی، ایک شخص سے گن پوائنٹ پر موبائل، موٹر سائیکل نقدی چھین لی گئی

نوشکی (یو این اے) نوشکی شہر میں چوروں اور لٹیروں کی وارداتیں بے قابو، کلی غریب آباد میں معروف سوشل ایکٹیوسٹ شہزاد شیرانی کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملزمان نے شہزاد شیرانی سے قیمتی آئی فون موبائل، جاپانی موٹر سائیکل........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

توکنڈی: مضر صحت دودھ تیار کرنے والا پاؤڈر برآمد، 2 افراد گرفتار

توکنڈی (نامہ نگار) ایس پی چاغی محمد عثمان سدوزئی کی ہدایت پر ایس ایچ او توکنڈی عبدالقادر مینگل و ٹیم نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے انسانی صحت سے کھیلنے والے دو ملزمان لائق خان اور محمد قاسم کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے مضر صحت پاؤڈر بھی........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

سراناں: گاڑی سے 45 کلو افیون برآمد، ایک شخص گرفتار

پشین (آئی این پی) پشین کے علاقے سراناں کے قریب انٹی نارکوٹکس فورس کی کامیاب کارروائی میں گاڑی سے 45 کلو افیون برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق گزشتہ روز پشین کے علاقے سراناں کے قریب انٹی نارکوٹکس فورس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک گاڑی سے 45 کلو افیون برآمد کر کے ایک........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب: زراعت کالونی ہیلتھ کیئر سنٹر کی مشینری منتقل کرنے کا عمل معطل

سنٹر کو جلد فعال کر کے صوبائی وزیر صحت کے ہمراہ باقاعدہ افتتاح کیا جائیگا، علی مدد جتک

کوئٹہ (خ ن) سریاب کے علاقے زراعت کالونی ہیلتھ کیئر سنٹر کی مشینری کو دوسری جگہ منتقل کرنے کی خبر سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے رابطہ کیا۔ حاجی علی مدد جتک نے صوبائی وزیر صحت سے مطالبہ کیا کہ زراعت کالونی ہیلتھ کیئر سنٹر کی قیمتی مشینری کو........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

زرعی یونیورسٹی کی پرائیویٹائزیشن تعلیم دشمن منصوبہ ہے، ایڈووکیٹ حسن یار

فارم 47 کا وزیراعلیٰ اور کابینہ کھلی عوام دشمنی پر اتر آئے ہیں، ایڈووکیٹ رحیم باز مندوخیل

پشتونخوا لائرز فورم کے وفد کا زرعی یونیورسٹی کوئٹہ میں پی ایس او کے ہڑتالی کیمپ کا دورہ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا لائرز فورم کے صوبائی صدر ایڈووکیٹ حسن یار خان کی سربراہی میں وفد زرعی یونیورسٹی کوئٹہ میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ہڑتالی کیمپ میں شریک ہوئی۔ یاد رہے یہ احتجاجی کیمپ صوبے میں قائم اکلوتی زرعی یونیورسٹی کے پرائیویٹائزیشن کے خلاف لگائی گئی ہے۔ احتجاج سے صوبائی صدر ایڈووکیٹ حسن یار خان اور........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ورکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک اپنی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کے موقع پر لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

سرکاری خزانہ عوام کی امانت، خیانت کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی، شعیب نوشیروانی

صوبائی حکومت معاشی ترقی، مالی نظم وضبط وعوامی فلاح و بہبود کیلئے بھرپور عزم کے ساتھ جامع اقدامات اٹھا رہی ہے' وزیر خزانہ

بجٹ میں عوامی ریلیف، ترقیاتی منصوبوں اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو اولین ترجیح دی گئی ہے' مختلف وفود سے ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی معاشی ترقی، مالی نظم وضبط اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے بھرپور عزم کے ساتھ جامع اقدامات کر رہی ہے بجٹ میں عوامی ریلیف، ترقیاتی منصوبوں، اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو اولین ترجیح دی گئی ہے تاکہ پسماندہ علاقوں کو بھی ترقی کی دوڑ میں شامل کیا جا سکے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ میر شعیب نوشیروانی کا کہنا تھا کہ مالی سال 2025-26 کے ترقیاتی بجٹ کا 60 فیصد حصہ جولائی کے پہلے مہینے میں جار........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری 18 ویں بیسک کورس پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب میں پوزیشن ہولڈر جوانوں کو انعام اور تعریفی اسناد دے رہے ہیں

کوئٹہ' موٹر سائیکل سواروں کیخلاف ٹریفک پولیس کا کریک ڈاؤن جاری

رجسٹریشن کے بغیر گاڑی چلانے، کم عمر ڈرائیوروں و دیگر خلاف ورزیوں پر درجنوں موٹر سائیکلیں بند

کچھ دن کی مہلت کے ساتھ میڈیا، تعلیمی اداروں کے ذریعے آگاہی مہم چلائی جائے' شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں ٹریفک پولیس نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے، جس کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری ہیں' بغیر ہیلمٹ، رجسٹریشن کے بغیر گاڑی چلانے، کم عمر ڈرائیوروں اور دیگر خلاف ورزیوں پر درجنوں موٹر سائیکلیں........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: دینی مدارس کے طلباء کے مابین تقریری مقابلہ 21 اگست کو ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) دینی مدارس کے طلباء کے مابین تقریری مقابلہ بعنوان "ختم نبوت ﷺ امت کا ایمان" 21 اگست جمعرات کو مدرسہ تعلیم القرآن کلی سردہ سریاب کوئٹہ میں ہوگا، جس میں مختلف مدارس کے منتخب طلباء شرکت کریں گے۔ مقابلے کا مقصد طلباء میں عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت اجاگر کرنا، علمی صلا........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی تصادم کی حکمت عملی پارٹی رہنماؤں کیلئے وبال جان بن گئی

سینئر ارکان نے خبردار کیا سیاسی عمل سے دوری پر پارٹی کو اجتماعی گرفتاریوں اور طویل المیعاد نااہلیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

بانی پی ٹی آئی نے رہنماؤں کی ہر تجویز مسترد کر دی اور واضح کیا حکومت یا حکومتی اتحادیوں سے کوئی بات نہیں ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی جانب سے حکومت کیساتھ سیاسی مذاکرات سے مسلسل انکار کو اب خود پارٹی کے اندر سے کئی لوگ سنگین بحران کی بڑی وجہ قرار دے رہے ہیں، ایسا بحران جس کے نتیجے میں پی ٹی آئی کے کئی سینئر رہنما اور کارکن جیلوں میں ہیں جبکہ کئی مزید کیخلاف سزا اور نااہلی کی کارروائیاں قریب ہیں، انسداد دہشتگردی عدالتوں کی جانب سے 9 مئی کیسز میں پی ٹی آئی رہنماؤں، کارکنوں کو سزائیں سنانے کا عمل تیز ہوتا جا رہا ہے جس سے پارٹی کی پوزیشن مزید کمزور ہوتی جا رہی ہے، حال........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت، پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال اولسی جرگہ کے زیر اہتمام منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت ہر دور میں وطن عزیز کی ترقی کیلئے کوشاں رہی، مولانا واسع

ذاتی مفادات کی بجائے ہر دور میں ملکی مفاد کو مقدم رکھا، مختلف وفود سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت ہر دور میں وطن عزیز کی ترقی کیلئے کوشاں رہی ہے عوام کے مسائل انکے دہلیز پر حل کرنے کیلئے جمعیت نے ہمیشہ اپنا کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ دین اسلام کی اشاعت کیلئے جمعیت جہاں ایک نظریے کا نام ہے وہیں عوامی........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی وافغان عوام مذہبی وثقافتی رشتوں میں بندھے ہیں، جمعیت

دونوں ممالک کا امن، استحکام اور خوشحالی ایک دوسرے سے وابستہ ہے، مولانا حافظ حسین احمد شرودی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے امارت اسلامی افغانستان کے قونصلیٹ سے ملاقات کی۔ وفد میں جمعیت کوئٹہ کی مجلس عاملہ کے ارکان حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا قاری نذر محمد حقانی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ حاجی محمد قاسم خان خلجی مولانا حزب........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

مریضوں کو بروقت سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے' بخت محمد کاکڑ

ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس اور سٹاف کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

حکومت نے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی مفت فراہمی یقینی بنائی ہے' وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے صوبے کے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے عزم کو دہراتے ہوئے واضح کیا ہے کہ صوبے بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور متعلقہ عملے کی غیر حاضری، غفلت اور کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی مریضوں کو بروقت او........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان وومن بزنس فورم کے زیر اہتمام خواتین [illegible] ڈائریکٹر [illegible] معائنہ کر رہے ہیں

نوجوان کی تعلیم کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، نوابزادہ جمال رئیسانی

رکن قومی اسمبلی کی پی ایس ایف حب کے صدر نعمان بھنگر سے بات چیت

حب (یو این اے) رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی سے پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن ضلع حب کے صدر نعمان بھنگر نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع حب میں تعلیمی صورتحال، نوجوانوں کو درپیش چیلنجز اور دیگر سماجی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے وسائل پر کئے گئے معاہدے مسترد کرتے ہیں، لشکری رئیسانی

وسائل پر یہاں کے باسیوں کا حق تسلیم، پرانے بارڈر ٹریڈ روٹس کو بحال کیا جائے، ترجمان

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام اسلام آباد میں ہونے والی دو روزہ آل پارٹیز کانفرنس میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں 5 اگست کو یوم استحصال کشمیر شایان شان طریقے سے منایا جائے گا

یوم استحصال کشمیر کے موقع پر صوبہ بھر میں بھی مختلف پروگرام منعقد کیے جائیں گے مختلف تقریبات اور سرگرمیاں تفویض

متعلقہ اضلاع اور ڈویژنز میں اس حوالے سے پروگرام منعقد کریں، محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی نے اعلامیہ جاری کر دیا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے ایک اعلامیہ کے مطابق 5 اگست 2025 کو یوم استحصال کشمیر کے موقع پر، پورے ملک کی طرح صوبہ بلوچستان میں بھی مختلف پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ یوم استحصال کشمیر منانے کا مقصد کشمیری........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

نواب زہری کا میر اعجاز حسین جھکرانی سے کراچی میں اظہار تعزیت

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری وفد کے ہمراہ جھکرانی ہاؤس کراچی گئے جہاں نواب زہری نے دیگر پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے 7 اضلاع میں آج ضمنی بلدیاتی انتخابات منعقد ہونگے

انتخابات ژوب، شیرانی، لورالائی، بارکھان، قلات، خضدار اور سوراب میں ہوں گے، 25 امیدوار میدان میں

یہ انتخابات مخصوص نشستوں پر ہوں گے جن میں خواتین، مزدور، کسان اور غیر مسلم نمائندگی شامل ہے، الیکشن کمیشن

ان نشستوں کے لیے 106 جنرل کونسلرز بطور ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے، سیکیورٹی و دیگر انتظامات مکمل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے سات اضلاع میں ضمنی بلدیاتی انتخابات آج (اتوار) منعقد ہوں گے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق یہ انتخابات مخصوص نشستوں پر ہوں گے جن میں خواتین، مزدور، کسان اور غیر مسلم نمائندگی شامل ہے۔ انتخابات ژوب، شیرانی، لورالائی، بارکھان، قلات، خضدار اور سوراب میں ہوں گے، جہاں مجموعی طور پر 16 مخصوص نشستوں پر 25 امیدوار میدان میں ہیں۔........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت، پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی اولسی جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

عوامی مسائل کے حل کیلئے وسائل بروئے کار لائینگے، حاجی علی مدد جتک

بہت جلد عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات ملنا شروع ہو جائیں گے، رکن صوبائی اسمبلی

ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کر دی، جلد عوام کو ثمر ملنا شروع ہوگا، کھلی کچہری سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی رہائش جتک ہاؤس میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں حلقے کے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر عوام نے اپنے مسائل اور مشکلات سے رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک کو آگاہ کیا۔ اس دوران شہریوں نے پینے کے صاف پانی، سڑکوں کی خستہ حالی، نکاسی آب کے........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث 4 افراد گرفتار

آلات طبی ضبط، گرفتار افراد کا ملکی وغیر ملکی افراد کو گردے فروخت کرنے کا انکشاف

تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے 15 کال پر کارروائی کی، ایک شخص اسٹریچر پر بندھا پایا گیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) تھانہ ایئرپورٹ پولیس کی 15 کال پر فوری کارروائی، انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوند کاری میں ملوث گروہ کے 4 افراد گرفتار، پیوند کاری میں استعمال ہونے والے آلات ضبط کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے 15 کال پر فوری کارروائی کرتے ہوئے انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوند کاری میں ملوث گروہ کے 4 افراد کو گرفتار کر لیا، پیوند کاری میں استعمال ہونے والے آلات بھی برآمد کر کے........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا حاجی زاہد ریکی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے جمعیت علمائے اسلام کے رہنما اور ایم پی اے حاجی زاہد ریکی کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی کی شرح بڑھ کر 7 ماہ کی بلند ترین سطح پر جا پہنچی، سٹیٹ بینک کا انتباہ

رہائش و یوٹیلیٹیز قیمتوں میں اضافے نے گرانی کو بڑھایا، خوراک نرخوں میں اضافہ سست رہا

ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوا جو پچھلے مہینے 0.6 فیصد تھا اور اب 2.7 فیصد تک جا پہنچا

شاکر رحمان سے (بیورو رپورٹ) سرکاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی سالانہ مہنگائی کی شرح جولائی 2025 میں بڑھ کر 4.07 فیصد ہو کر 7 ماہ کی بلند ترین سطح پر جا پہنچی جو جون میں 3.2 فیصد تھی اور دسمبر 2024 کے بعد سے بلند ترین سطح ہے، سٹیٹ بینک نے گرانی پر انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا رہائش و یوٹیلیٹیز قیمتوں میں اضافے نے گرانی کو بڑھایا، خوراک نرخوں میں اضافہ سست رہا، شہری علاقوں میں مہنگائی 4.4 فیصد، دیہی میں 3.5 فیصد رہی، گزشتہ سال جولائی میں مہنگائی کی شرح 11.09 کے مقابلے میں واضح کمی رہی مگر خدشات برقرار ہیں........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ ڈیگاری: انسداد دہشتگردی عدالت نے کیس ٹرائل کورٹ منتقل کر دیا

گرفتار ملزمان کا مزید دو روزہ جسمانی ریمانڈ منظور، مرکزی ملزم جلال خان تاحال مفرور

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے ڈیگاری میں دوہرے قتل کیس کی سماعت انسداد دہشتگردی عدالت نے سردار شیر باز ساتکزئی اور شریک ملزم محمد بشیر کے مزید جسمانی ریمانڈ کی درخواست مسترد کر کے کیس ٹرائل کورٹ منتقل کر دیا جبکہ دوسری متعلقہ عدالت نے ملزمان کا دو روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا ڈیگاری میں خاتون اور مرد کے قتل کے کیس میں........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین: مسلح افراد نے سکول ٹیچر کو ہزاروں روپے نقدی سے محروم کر دیا

استاد محمد زمان بڑیچ کو صبح سکول جاتے ہوئے سورگل کے مقام پر لوٹا گیا، عوامی حلقوں میں تشویش

دالبندین (رپورٹ: حاجی عبدالستار کشانی) دالبندین کے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شہید فرحان جان کے سینئر ٹیچر محمد زمان بڑیچ کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا تفصیلات کے مطابق محمد زمان بڑیچ صبح اپنے گھر سورگل سے پیدل اسکول جا رہے تھے کہ ریلوے پٹڑی کے قریب موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح نقاب پوش افراد نے پسٹل کے زور پر انہیں روک کر ان........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک ایران سرحدی راستوں کی بندش سے متعلق خبریں جعلی ہیں، کمشنر مکران

عوام مصدقہ اور سرکاری ذرائع سے جاری خبروں اور معلومات پر اعتماد کریں، بیان

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈویژن کے دفتر سے جاری ایک وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا پر ایران و پاکستان کے سرحدی راستوں کی بندش سے متعلق گردش کرنے والا اعلامیہ جعلی ہے کمشنر مکران ڈویژن کی جانب سے اس نوعیت کا کوئی باضابطہ اعلامیہ یا پریس ریلیز جاری نہیں کی گئی۔ تاہم عوام سے گزارش ہے کہ صرف مصدقہ سرکاری........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

2025 میں نجی سکیم کے تحت حج سے محروم رہ جانیوالے آئندہ برس حج پر جائینگے، معاملات طے

پرائیویٹ آپریٹرز کی تنظیم حج آرگنائزیشن ایسوسی ایشن پاکستان (ہوپ) نے وزارت مذہبی امور کو یقین دہانی کرا دی

پرائیویٹ آپریٹرز عازمین سے کوئی اضافی رقم نہیں لیں گے، تنظیم 26 ہزار عازمین کو آئندہ برس حج پر بھجوائے گی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سال 2025 میں نجی سکیم کے تحت حج سے محروم رہنے والے عازمین کا معاملہ طے پا گیا، ذرائع کے مطابق نجی سکیم کے تحت حج سے محروم رہ جانے والے عازمین آئندہ برس حج کریں گے اور پرائیویٹ آپریٹرز عازمین حج سے کوئی اضافی رقم نہیں لیں گے، پرائیویٹ آپریٹرز کی تنظیم حج آرگنائزیشن ایسوسی ایشن پاکستان (ہوپ) نے وزارت مذہبی امور کو یقین دہانی کرا دی اور ہوپ 25 سے 26 ہزار رہ جانے والے عازمین کو آئندہ برس حج پر بھجوائے گی، ذرائع کے مطابق پرائیویٹ سکیم کے تحت حج سے رہ جانے والے........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت میں عوامی اراضی کے جبری انتقال کیخلاف عدالت سے رجوع کا فیصلہ

فیصلہ زیارت اولسی جرگہ کے زیر اہتمام تمام اپوزیشن جماعتوں کی قیادت نے متفقہ طور پر کیا

یہ فیصلہ عوامی حقوق کے تحفظ اور زیارت کے تاریخی تشخص کو بچانے کے عزم کا مظہر ہے

زیارت (آن لائن) زیارت اولسی جرگہ کے زیر اہتمام زیارت زرندہ میں نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی صدارت میں تمام اپوزیشن جماعتوں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں زیارت کے عوامی اراضی کے جبری انتقال کے خلاف موقف اختیار کرتے ہوئے متفقہ طور پر عدالت سے رجوع کرنے کا حتمی........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ دریں عملے کے ساتھ مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، ڈاکٹر راز محمد کاکڑ ودیگر بھی موجود ہیں

پاکستان بیرونی سرمایہ کاروں کیلئے پرکشش ملک بن چکا، سردار یعقوب ناصر

ایران ترکیہ چین اور پاکستان دوستی کو نقصان پہنچانے والوں کے عزائم ناکام ہونگے، بیان

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ایم این اے وسابق وفاقی وزیر سردار یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ پاک ایران تعلقات کو ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے دورے سے مزید تقویت ملی ہے پاکستان اس وقت بیرونی سرمایہ کاروں کیلئے ایک پرکشش ملک بن چکا ہے دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے جو کہ ایک خوش........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پاک ایران تجارت سے ترقی وخوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، سینیٹر عبدالقادر

ایرانی صدر کے دورہ پاکستان سے خطے میں سفارتی و معاشی صورتحال بہتر ہوگی، بیان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی دعوت پر اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان پاکستان کے دو روزہ سرکاری دورے پر ہیں ذا........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

یوم آزادی کے موقع پر کوئٹہ میں سیکورٹی ہائی الرٹ

داخلی و خارجی راستوں پر سخت چیکنگ' سرکاری عمارتوں کی سیکورٹی میں اضافہ

کوئٹہ (یو این اے) یوم آزادی 14 اگست کی آمد پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کر دیے گئے ہیں۔ شہر کے تمام علاقوں میں پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو الرٹ کر دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے فوری نمٹا جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر کے داخلی و خارجی........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ پر پیشہ ور بھکاریوں کی یلغار

بھکاریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا

منظم گروہوں کی نشاندہی کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے' شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں پیشہ ور بھکاریوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے' شہر کے مصروف بازاروں، سڑکوں، چوراہوں اور اشاروں پر درجنوں کی تعداد میں بھکاری مرد، عورتیں اور بچے بھیک مانگتے دکھائی دیتے ہیں، جن میں سے بیشتر منظم گروہوں سے تعلق رکھتے ہیں' شہریوں نے ضلعی انتظامیہ........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

گنداواہ سے ملنے والی نعش 70 سالہ علی نواز بروہی کی ہے

گنداواہ/جھل مگسی (نامہ نگار) گنداواہ سے جمعہ کے روز ملنے والی لاش کی شناخت ہوگئی، 70 سالہ علی نواز بروہی کو دشمنی پر فائرنگ کا نشانہ بنایا تفصیلات کے مطابق سب تحصیل میرپور ضلع جھل مگسی کے علاقے گاؤں میروں کے ویرانے سے جمعہ کے روز ملنے والی لاش کی شناخت 70 سالہ علی نواز ولد شاہنواز قوم........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

شراب کی فروخت میں اقلیتوں کا محض نام استعمال کیا جاتا ہے، مولانا قادر لونی

بلوچستان میں سالانہ چار لاکھ گیلن شراب کی فروخت نے اسلامی اقدار اور روایات کا جنازہ نکال دیا، حافظ عبدالاحد کبدانی

شراب کی کھلی عام فروخت سے جرائم، بدامنی اور معاشرتی خرابیاں جنم لے رہی ہیں، سدباب کیا جائے، عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کبدانی، نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی، جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی، سرپرست مولانا نعمت اللہ نے کہا کہ بلوچستان میں سالانہ چار لاکھ گیلن شراب کی فروخت سے اسلامی اقدار اور روایات کا جنازہ نکال دیا۔ شراب نوشی اور شراب خانوں سے شراب کی کھلی عام فروخت سے جرائم بدامنی اور معاشرتی خرابیاں عروج پر ہیں اقلیتوں........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر